





مَنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ

الحمد لله والمنة که از توالیف مولانا شیخ المشایخ حضرت مخدوم علی الفقیه المهائمی قدس سره

کتاب مستطاب المختصر الجامع در فقه امام شافعی رحمة الله علیه المسمی به

فقه مخدومی

مع

ترجمه [illegible]

از مولانا جناب مولوی ابو محمد عبد العزیز العثمانی الهزاروی دام فیضه ... باهتمام التام جناب دیانت مآب خادم دین سید المرسلین جناب حضرت بدر الدین بن عبد الله صاحب قوریا

در مطبع گلزار حسنی بمبئی محله چهتری گا سرنگ طبع شد



بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله رب العلمين والعاقبة للمتقين والصلوة والسلام على رسوله محمد واله واصحابه اجمعين

سب تعریف واسطے اللہ کے کہ سب جہان کا رب ہے۔ اور نیک عاقبت واسطے پرہیزگارون کے ہے۔ اور درود و سلام ہو اللہ کے رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور اونکی آل و اصحاب سب پر

هذا كتاب الطهارة

یہ کتاب ہی طہارت کے بیان مین

قال الله تعالى وانزلنا من السماء ماء طهورا يشترط لرفع الحدث والخبث ماء مطلق المياه التي يصح التطهير بها سبعة مياه ماء السماء وماء البحر وماء النهر وماء البرد وماء العين وماء البير وماء الثلج

فرمایا اللہ تعالے نے کہ اوتارا ہمنے آسمان سے پانی پاک کرنیوالا۔ حدث اور پلیدی کے دور کرنیکے واسطے مطلق پانی شرط ہی مطلق پانی وہ ہی کہ بلا قید پانیکا نام اوسپر بولا جاے پس عرق گلاب اور مثل اسکی اگرچہ دیکھنے مین پانی نظر آتا ہی لیکن بسبب قید کے گلاب کی طرف منسوب ہے۔ اور یہ مطلقیت سے خارج ہی حدث ایک اعتباری امر ہی جو اعضا کو لگ کر قائم ہو کر نماز کی صحت کو مانع ہوتا ہی جیسا کہ نامحرم عورتکو ہاتھ لگانا۔ یا عورت سے وطی کرنا۔ اور مثل انکے جن پانیونکے ساتھ طہارت درست ہوتی ہی وہ سات ہین۔ آسمان کا پانی سمندر کا پانی نہر کا پانی برف کا پانی چشمہ کا پانی کنوئین کا پانی اور اولونکا پانی

والمآء علےٰ اربعۃ اقسام طاھر مطھّر غیر مکروہ وھو المآء المطلق الّذی یقع علیہ اسم المآء بلا اضافۃ وطاھر مطھّر مکروہ وھو المآء المتشمس فی اناءٍ منطبع بوقتٍ حارٍ وبلدٍ حارٍ قال علیہ السّلام یا حمیراءُ لا تفعلی فانہ یورث البرص والجذام وطاھر غیر مطھّر وھو المآء المستعمل فی فرض الطھارۃ وھو غیر طھور فان بلغ المآء المستعمل قلّتین عاد طھورًا ولا ینجس کثیر المآء بملاقات النّجاسۃ فان تغیّر بھا صار نجسًا وقلیلہ ینجس بملاقات النّجاسۃ فان بلغ قلّتین من محض المآء ولا تغیر عاد طھورًا والّا لم یطھر والمتغیر بما خالطہ من الطّاھرات طاھر غیر طھور ولا یضر التغیر الّذی لا یمنع

اور اقسام پانی کے چار ہین۔ اوّل آنپانی وہ ہے کہ خود بھی پاک ہے اور پاک کرنیوالا بھی بے بغیر کراہت کے۔

اور یہ وہ مطلق پانی ہے کہ جسپر بولا جاتا ہے پانی کا نام بغیر اضافت کے۔

دوسرا پانی پاک ہے اور پاک کرنیوالا بھی لیکن مکروہ ہے اور یہ وہ پانی ہے کہ دہاتی برتن مین دہوپ سے گرم ہوا ہو گرمی کے وقت مین اور گرم شہر مین فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اے عائشہ اسکا استعمال نکر کہ یہ برص اور جذام پیدا کرتا ہے۔

تیسرا پانی پاک ہے لیکن پاک کرنیوالا نہین۔ اور وہ وہ پانی ہے کہ کسی فرض طہارت مین استعمال ہوچکا ہو۔ یہ پانی پاک کرنیوالا نہین۔ پس مستعمل پانی اگر قلتین کو پہنچ جاے اور اوسمین تغیر نہو تو پاک کرنیوالا ہوجاتا ہے۔

اور بہت پانی نجاست کے ملنے سے نجس نہین ہوتا۔ مگر اوس وقت کہ نجاست سے متغیر ہوجاے تو نجس ہوجاویگا۔ اور تہوڑا پانی نجاست کے ملنے سے نجس ہوجاتا ہے پس اگر یہ پانی خالص پانی کے ملنے سے قلتین کو پہنچے اور اوسمین کچہ تغیر بھی نہو تو یہ پانی پاک اور پاک کرنیوالا ہوگا۔ ورنہ ویسا ہی رہیگا۔ اور جس پانی کو پاک چیزین ملکر متغیر کرین تو وہ خود پاک ہے لیکن پاک کرنے والا نہین ہے

[illegible]

وقوع الاسم عليه ولا يضر التغير
بطول المكث ولا يضر التغير
بالطين والطحلب وما في مقر الماء وممره
وبالمجاور كالعود والدهن وبالتراب و
الملح المائي وان طرحا فيه وماء نجس
وهو الماء التي حلت فيه النجاسة وهو دون
القلتين تغير او لم يتغير او كان قلتين
فتغير بها بلون او طعم او ريح فطهره
بزوال نفسه او بماء آخر وقدر
ماء الكثير قلتان وهو خمسمائة رطل
بالبغدادي تقريبا اي فلا يضر نقصان
رطلين ويضر الكثير على المذهب
واعلم ان القلتين في الراكد مقدار
ذراع وربع في الطول وذراع وربع
في العرض وذراع وربع في العمق

باب النجاسة

کہ پانی سے پانی کا نام دور نکرے - اور وہ تغیر بھی مضر نہیں جو پانی
کے دیر تک ٹھرنے سے پیدا ہوا ہو - اور وہ تغیر بھی مضر
نہیں جو مٹی اور کائی اور اوس چیز کے ملنے سے جو اسکے
ٹھرنیکی اور پانی کی گذرگاہ میں ہوا ہو - اور نہ ساتھ مجاور کے
جیسا کہ لکڑی تیل اور نہ ساتھ مٹی کے اور دریائی نمک کے
اگرچہ یہ دونوں چیزیں پانی میں قصداً ڈالی بھی جاویں
اور پانچواں پانی نجس ہے اور یہ وہ پانی ہے کہ ملجاوے اوسمیں نجاست
اوس حال میں کہ یہ پانی قلتین سے کم ہو - خواہ متغیر ہووے یا نہووے
فقط نجاست کے ملنے سے پلید ہو جاتا ہے - یا یہ پانی قلتین تھا پس
تھوڑی نجاست نے ملکر رنگ یا ذائقہ یا ریح کو تغیر کر دیا تو یہ پلید ہے
اب طہارت اسکی اسطرح ہو سکتی ہے کہ خودبخود یہ پانی اس تغیر کو
دور کرے - یا دوسرے پانی سے یہ تغیر دور ہووے - اور بہت پانیکا اندازہ
قلتین ہے اور قلتین تخمیناً پانچسو رطل بغدادی ہیں - ان سے
ایک دو رطل کم ہووین تو مضر نہیں اور دو سے زیادہ اگر کم ہووین
تو بنا بر مذہب مضر ہے - اور جان تو کہ ٹھرے ہوے پانی میں قلتین کا
اندازہ یہ ہے کہ ہووے طول میں سوا ہاتھ اور اسیطرح عرض میں اور عمق میں

باب ہے نجاست کے بیان میں - ہر نشہ کرنے والی -

مِی المسکر المائع والکلب والخنزیر
وما تولد منهما او من احدهما من
حیوان طاهر والبول والغائط والروث
والمذی والودی ومنی غیر الادمی
والدم والصدید والقیح والقیٔ
والخمر والنبیذ والمیتۃ الا السمك
والجراد والادمی وما لا یوکل لحمہ
اذا ذبح وشعر المیتۃ وعظمها نجس
الا شعر الادمی والمراد بالمیتۃ زائلۃ
الحیوۃ بلا ذبح شرعی وشعر ما لا یوکل
لحمہ اذا انفصل عنہ فی حال حیوتہ غیر الادمی
ولبن ما لا یوکل لحمہ سوی الادمی وما
ینجس بذلك وما یعفی عن شیٔ من
النجاسۃ الا الیسیر من الدم ویعرف
الکثیر والقلیل بالعادۃ ویستثنی
منها میتۃ لا نفس لها سائلۃ کالخنفسا
والذباب والنمل والنحل والقمل والبرغوث

بہنے والی چیز اور کتا اور سور نجس ہے۔
اور جو کہ ان دونوں سے پیدا ہو۔ یا پاک حیوان انکا بچہ پیدا ہو
اور پیشاب اور پاخانہ اور لید اور مذی اور ودی
اور آدمی کے سوا۔ اور دوسری منی اور خون اور پیپ اور
زرد آب اور قے اور شراب اور نبیذ اور مردہ جانور
سوائے مچھلی اور ٹڈی اور آدمی کے۔ اور وہ جانور کہ
ذبح کئے پر گوشت اوسکا نہ کھایا جاوے۔ اور مردار کے بال
اور ہڈی نجس ہین۔ مگر آدمی کے بال پاک ہین اور مراد
مردار سے وہ ہو کہ نکلجاوے جان اوسکی بغیر ذبح شرعی کے
اور جس جانور کا گوشت کہایا نہین جاتا (یعنی حرام جانور)
اوسکی زندگی مین بال اوسکے جدا ہو جائین تو وہ بھی نجس ہین
مگر آدمی کے بال پاک ہین اور جسکا گوشت کہانا درست نہین
اوسکا دودہ بھی پلید ہے سوا آدمی کے۔
پس جو چیز کہ انسے پلید ہوئی ہو سو وہ بھی نجس ہے اور کچھ بھی نجاست
معاف نہین ہوتی۔ مگر تھوڑا خون اور کمی بیشی عادت سے
معلوم ہوتی ہے اور مستثنی ہے انسے وہ مردہ جانور کہ جسکا خون
بہنے والا نہو۔ جیسے گوبرولا۔ اور مکھی۔

اذا ماتت فی الاناء وفیه الماء او مائع آخر
لم تنجسه ما لم تطرح فیه الا ان طرحت
فیه او غیرته فانه ینجس الماء والمائع وعفی
عما لا یدرکه الطرف لقلته ورطوبة
فرج الحیوان الطاهر طاهر والعلقة والمضغة
ورطوبة فرج المرأة لیست من النجاسات
وماء القروح والنفطات فان کان له
رائحة کریهة فهو نجس والجزء المنفصل
من الحی کمیتته لا شعر الماکول وریشه
وبیضه وانفحته والمسک وفارة المسک

فصل ویطهر من النجاسات الخمر اذا
تخللت ولیس فیها عین ولم تلاقیها نجاسة
اجنبیة وان نقلت من الظل الی الشمس
او بالعکس والجلد الذی نجس بالموت
یطهر ظاهره وباطنه بالدباغ وهو
نزع الفضلات بادویة حریفة ولو نجسة
لکن الجلد بعد الدباغ کثوب النجس لا بد

اور چونٹی۔ اور شہد کمھی۔ اور جون۔ اور پسو۔ جب
باسن مین مرجائین اور اوس باسن مین پانی یا بہنے
والی چیز (مثل سرکہ و دودہ وغیرہ کے) ہو تو اوسکو
نجس نہین کرتی۔ جتبک کہ باسن مین یہ جانور ڈالی نجائین
اور اگر ڈالے گئے۔ یا انہون نے خود بخود گرکر پانی یا
بہنے والی چیز کو متغیر کیا تو پانی اور بہنے والی چیز
نجس ہوجائیگی۔ اور معاف ہے وہ تہوڑی پلیدی جو کہ
نظر مین نہ آسکے۔ اور پاک حیوان کی فرج کی رطوبت بہی پاک ہے
اور علقہ۔ اور مضغہ۔ اور عورت کے فرج کی رطوبت نجاسات سے
نہین۔ اور زخمونکا پانی اور آبلونکا پانی اگر بدبو رکہتا ہو تو
نجس ہے۔ اور زندہ جانور کا جدا کیا ہوا جزو مثل اوسکے مردہ کے
نجز بال حیوان ماکول اور پر اور انڈے۔ اور چیستہ اور مشک
اور نافہ مشک کے۔ **فصل** نجاسات سے شراب پاک ہوجاتی ہے
جبکہ خود بخود سرکہ نجاہے۔ اور اوسمین کوئی چیز جرم والی نہ پڑی ہو
اور نیز اوسکے ساتھ کوئی الگ نجاست نہ ملی ہو اور شراب اگرچہ
سایہ سے دہوپ کیطرف نقل کیجاے یا اسکے برعکس بہی ہو تو پاک ہوجاتی ہے
اور جو چمڑا موت کے سبب پلید ہوا ہے وہ باغت کیساتہ اندر باہر سے

من غسله لا بالتراب والتشميش ولا يجب
استعمال الماء فی اثناء الدباغ ولا يطهر
بعد الدباغ جلد الكلب والخنزير وفروعهما
وما ينجس بملاقاة شیء من كلب او خنزير
او فروعهما يشترط غسله سبع مرات
احديهن بمزاج التراب الطاهر بالماء
ويجزی فی بول الصبی الذی لم يطعم سوی
اللبن الرش مع التعميم ويغسل من بول
الجارية وما ينجس بغيرهما وان لم يكن له
عين كفی اجراء الماء عليه وان كان له
عين وجب ازالتها مع صفاتها ولا يضر
بقاء اللون او الريح اذا عسر ازالته
لا ان بقی الطعم وحده او اللون والريح
ولو وقعت فارة فی بير وماؤها كثير
وتمعط شعرها نزح جميعها ويشترط
ورود الماء القليل علی المغسول لا عصره
والغسالة تنفصل بلا تغير وزيادة وزن

فقط مٹی اوپر ڈالنے اور دہوپ مین رکھنے سے چمڑا پاک نہین ہوتا
اور دباغت کے اثنا مین پانیکا استعمال کچہ واجب نہین
(یعنی پانی کے بغیر ہی دواؤن کے ساتہ پاک ہو جاتا ہے)
اور خنزیر اور کتے اور انکے فروع کا چمڑا دباغت کے بعد
بہی پاک نہین ہو سکتا۔ اور جو چیز کتے یا خنزیر یا اونکے
فروع کے کسی شی کے ملنے سے ناپاک ہوا اوسکو سات دفعہ دہونا
شرط ہے جنمین ایکبار مٹی پاک پانی کے ساتہ ملاکر دہووے
اور شیرخوار لڑکیکے پیشاب مین جو کہ بغیر دودہ کے کچہ غذا
نہین کہاتا فقط پانی چہڑکنا کافی ہے۔ اسطرح کہ عام ہو جاے
پانی۔ اور لڑکیکے پیشاب سے دہونا واجب ہے۔ اور جو چیز دون
ان دو چیزون کے پلید ہو۔ اگر وہ پلیدی جسم والی نہین تو فقط
پانی کا اوسپر بہانا بس کرتا ہے۔ اور اگر اوسکا جسم ہو تو مع اوسکے
صفات کے اوسکو زائل کرنا واجب ہے[۴]۔ اور اگر کوئین مین چوہا گر پڑے
اور پانی اوسکا بہت ہو اور بال چوہیکے پراگندہ ہو جاوین تو اوس
کوئین کا تمام پانی نکالا جاے۔ اور جو چیز دہوئی جاتی ہے اوسپر تہوڑے
پانیکا ورود شرط ہے۔ نچوڑنا اوسکا کوئی شرط نہین اور اوس غسالہ کا حکم
جو کہ بغیر تغیر و زیادتی وزن کے جدا ہو رہے مانند حکم مغسول کے ہے

حكمها حكم مغسولها ولو وقعت هرة
او فارة او طائر في ماء قليل او مائع آخر
وانفسخت وخرجت حية لم تنجس بالمنفذ
ولو تنجس مائع ولو دهنا تعذر تطهيره

فصل يحل استعمال كل اناء طاهر
ويحرم من الذهب والفضة استعمالا
واتخاذا الا المموه. لا المتخذ من الياقوت
ونحوه والمضبب بذهب او فضة وضبته
كبيرة فوق قدر الحاجة حرام وموضع
الاستعمال وغيره سواء ويحرم على الرجال
التحلي بالذهب لا اتخاذ انف
وشد سن ويحل له بالفضة
اتخاذ الخاتم مثقالا ولها لبس انواع الحلي
من الذهب والفضة وما نسج بهما الا فيه
اسراف كالخلخال وزنه مائتا مثقال و
للرجال تحلية المصحف بالفضة والمرأة
بهما ويحرم على المرأة تحلية آلات الحرب ويحرم

اور اگر بلی یا چوہا یا پرندہ تھوڑے پانی مین یا کسی بہنے والی
چیز مین گر پڑین اور اوسمین ڈوب کر جیتے نکل آئین تو اپنے
منفذ سے نجس نکرینگے۔ اور اگر بہنے والی چیز اگرچہ تیل ہی ہو
نجس ہو جاے۔ تو اوسکا پاک کرنا ممکن نہین۔

فصل ہر ایک پاک برتن کا برتنا حلال ہے۔ لیکن اگر سونے چاندیکا ہو
تو اوسکا برتنا اور بنا کر رکھنا دونون حرام ہے مگر ملمع کیا ہوا
اور اسیطرح یاقوت یا اوسکی مثل کا بنا ہوا برتن درست ہے
اور سونے چاندیکا پیوند لگا ہوا اوس حالت مین کہ وہ بڑا پیوند
حاجت سے زیادہ ہو حرام ہے۔ لیکن اگر پیوند بڑا بقدر حاجت ہو
تو جائز ہے۔ اور چھوٹا پیوند بہر حال درست ہے اور اوسمین برتنے کی
جگہ اور غیر برتنے کی جگہ برابر ہے۔ اور ناک بنا لینی یا دانت
باندہنے کو تار بنا کر استعمال کرنا حرام نہین۔
اور مرد کو چاندیکی انگشتری بقدر ایکمثقال کے بنا لینی جائز ہے
اور عورتکو چاندی سونیکو سب قسم کو زیور اور جوکہ انکی تار و نسے
کپڑا بنا ہوا ہو جائز ہے۔ لیکن اوسمین اسراف کرنا جیسے دو سو
مثقال کے وزن کا خلخال پہنیا حلال نہین اور مردونکو مصحف
شریف کا چاندیکے ساتھ اور عورتونکو سونے اور چاندی دونونکے ساتھ

على الرجل لبس الحرير ويحل للرجل لبسه للضرورة كالحر والبرد المهلكين و يجوز للحاجة الاستصباح بالدهن النجس ويجوز للحاجة كجرب وحكة ودفع القمل ولو بسط فوق الديباج ثوب قطن وجلس عليه لم يحرم ويحل المطرف والمطرز على قدر العادة۔

اور مرد کو ریشمی کپڑا پہننا حرام ہے۔ لیکن بباعث ضرورت کے جیسے سخت گرمی یا شدت سردی مین کہ ہلاکت کرنیوالی ہون جائز ہے۔ اور حاجت کیوقت نجس تیل کا چراغ مین جلانا جائز ہے اور واسطے کسی حاجت کے مانند خارش کھجلی جوون کے دور کرنیکو لئے استعمال کرنا جائز ہے۔ اور اگر بار چہ دیبا پر روئی کا کپڑا بچھا کر بیٹھے تو حرام نہین۔ اور سونے چاندی کے بیل بوٹے والا کناری دار کپڑا عادت کے موافق جائز ہے۔

فصل وشروط الوضوء واحد

وهو ان يكون الماء طاهر مطهرًا واذا اشتبه عليه ماء طاهر بنجس ولو على الاعمى وهو قادر على اليقين اجتهد وتوضأ بما ظن طهارته لا في ميتة ومذكاة واخت رضاع واجنبية وفي ماء وبول بريقهما او احدهما في الاخر ثم تيمم۔ واذا استعمل بما ظن طهارته اراق الاخر ندبًا وفي ماء وماء ورد يتوضؤ بكل واحد

فصل وضو کی شرطون کے بیان مین۔

شرط وضو کی ایک ہی ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ پانی پاک پاک کرنیوالا ہو۔ اور جب پانی پاک اور نجس مین کسیکو شبہ واقع ہو۔ خواہ وہ شخص اندھا ہی ہو (لیکن) یقین حاصل کرنے پر قدرت رکھتا ہو تو اجتہاد کر کے جس پانی پر طہارت کا غالب گمان رکھتا ہو اوس سے وضو کر لیوے۔ لیکن اگر میتہ اور مذبوحہ مین یا ہمشیرہ رضاعی اور اجنبیہ مین شبہ ہو تو اجتہاد نکرے۔ اور اگر پانی اور پیشاب مین شبہ واقع ہو تو دونوکو بہادے یا ایک کو دوسرے مین ڈالدیوے۔ اور پھر تیمم کرے۔ اور جس حالت مین کہ ایک کو طہارت کے گمان پر استعمال کیا ہو تو دوسرے کو بطور استحباب بہا دیوے۔ اور اگر پانی اور گلاب مین شبہ ہو تو ہر ایک سے ایک بار وضو کر لیوے۔ پھر اگر وضو نہ کیا اور اجتہاد اوسکا بدل گیا تو اب دوسرے اجتہاد پر عمل نہ کرے بلکہ تیمم کر لے۔

منهما مرّة فان لم يفعل وتغير اجتهاده
لم يفعل بالثاني بل يتيمم ولا اعادة
عليه ولو اخبر بنجاسة الماء مقبول الرواية
وبين السبب او كان فقيها موافقا اعتمد

قوله **فصل** وفروض الوضوء ستة
احدها النيّة عند غسل الوجه و
اقترانها فلو تأخرت عنه لم يجز
وكذا لو تقدمت عليه لم يكن عنه
فينوي رفع الحدث او بعض احداثه
او غيرها غلطًا او استباحة مفتقر الى الطهارة
وأداء فرض الوضوء لا ما يستحب له كمس المصحف
او لطواف الكعبة والمكث في المسجد وقراءة القرآن
ودائم الحدث كالمستحاضة ينوي
الاستباحة او اداء فرض الوضوء دون
رفع الحدث ولا يضر قصد التبرد مع
النيّة المعتبرة ويجب اقترانها باول غسل
الوجه ولا يضر تفريقها على الاعضاء

اور باوجود اسکے اسپر اعادہ کرنا نہین۔ اور اگر کوئی شخص
جسکی روایت مقبول ہو پانی کے نجس ہونیکی خبر دیوے اور
(پلید ہونیکا) سبب بھی بیان کردیوے۔ یا وہ شخص فقیہ ہمذہب ہو تو
ایسے شخص کے کہنے پر اعتبار کیا جاوے۔

فصل وضو کے فرضون مین۔ اور وضو کے چھ فرض ہین
پہلا فرض نیت کرنا منہ دہونیکے وقت۔ تو اگر منہ دہونیکے پیچھے نیت کریگا تو
جائز نہین۔ اسیطرح جب اوس جزو کے دہونیسے قبل نیت کریگا جو منہ کی حد
مین داخل نہین۔ تو نیت جائز نہوگی۔ اور نیت رفع مطلق حدث
یا بعض حدثونکو دور کرنیکی کرے۔ خواہ اوس حدث کے رفع کرنیکی غلطی سے
نیت کرے جو کہ اسپر نہین۔ یا اوس چیز کے مباح ہونیکی جو کہ طہارت کی
طرف محتاج ہو (جیسے قرآن کا مس) یا فرض وضو کے ادا کرنیکی نیت کرے
لیکن جس چیز کیلیے وضو کرنا سنت ہے اوسکی نیت نکرے جیسے قرأت قرآن
اور مسجد مین ٹہرنا۔ اور دائم الحدث اور مستحاضہ فقط استباحت کی
یا ادائے فرض وضو کی نیت کرین رفع حدث کی نکرین اور نیت معتبرہ کے
ساتہ اگر ٹھنڈک حاصل کرنیکا ارادہ کرے تو مضائقہ نہین۔ اور واجب ہے
منہ کے پہلے جزو کے دہونیکے ساتہ متصل کرنا نیت کا۔ اور نیت کا ہر عضو پر
متفرق جدا جدا کرنا بھی کچھ مضر نہین۔

والثانی غسل الوجہ وهو ما بين منابت شعر الرأس غالبًا ومنتهى الذقن واللحيتين طولًا وما بين الاذنين فی العرض ويجب غسل باطن الخفيف من اللحية وظاهر الكثيف والخارج منها فيدخل فيه موضع الغمم دون موضع التحذيف والصلع والنزعتين وهما البياضان المكتنفان للناصية وقيل موضع التحذيف من الوجه ويجب غسل شعور الخفيفة على الوجه غالبًا كالاهداب والحاجبين والعذارين والشاربين والعنفقة وشعر الخد ظاهرًا وباطنًا **الثالث** غسل اليدين مع المرفقين وما عليهما وما يحاذيهما من يد زائدة فاذا اشتبهت فكلتيهما والمقطوع من الساعد يغسل الباقی ومن المرفق رأس العضد ومن فوقه يستحب باقيه **الرابع**

دوسرا فرض منہ دہونا ہے اور حد اوسکی غالبًا درمیان سر کے بالونکے پیدا ہونیکی جگہ سے انتہا ٹھوڑی اور لحیتین تک طولًا ہے اور عرض مین ایک کان سے دوسرے کان تک ہے اور ہلکی داڑہی کو اندر سے اور گھنی داڑہی کو باہر سے اور باہر نکلی ہوئی کو حد داڑہی کی باہر دہونا واجب ہے۔ اور اوسمین موضع غمم داخل ہے۔ اور موضع تحذیف اور صلع اور نزعتین داخل نہین۔ نزعتین دو سفیدیان ہین جو کہ پیشانیکو دو طرف سے گھیرتی ہین اور بقول بعض موضع تحذیف منہ کی حد سے ہے۔ اور اون باریک بالونکا جو کہ غالبًا منہ پر ہوتی ہین جیسے پلکین۔ ابرو۔ موچہین دونو رخسارون کے بال۔ بچی داڑہی انکا اندر سے اور باہر سے دہونا واجب ہے۔

اور تیسرا فرض دونون ہاتونکو کہنیون سمیت اور جو کچہ کہ اوپر ہو اور جو کچہ کہ اونکے مقابل ہو دہونا۔ مقابل کی مثال جیسے زائد ہاتہ پس اگر اصلی اور زائد ہاتہ مین اشتباہ ہو تو دونون کو دہونا ضرور ہے۔ اور ساعد کٹی ہوئی مین باقی کا دہونا اور کہنی سے کٹی ہوئی مین بازو کے سر کا دہونا واجب ہے۔ اور کہنی سے اوپر کٹے ہوئے مین باقی بازو کا دہونا مستحب ہے۔ **چوتھا**

مسح شیٔ من بشرۃ الراس ویکفی الغسل والبل بلا ندب وکراھۃ الخامس غسل الرجلین مع الکعبین و شقوقھما السادس الترتیب کما ذکرنا

فصل وسنن الوضوء تسعۃ عشر السواک [1] عرضا بخنصر والتسمیۃ [2] فی ابتداء الوضوء وغسل [3] الکفین الی الکوعین والمضمضۃ [4] والمبالغۃ فیہ الا للصائم والاستنشاق [5] والمبالغۃ فیہ الا للصائم وتثلیث [6] الغسل والمسح وعند الشک یاخذ بالیقین وتخلیل [7] اللحیۃ الکثۃ والابتداء [8] بالیمنی وتطویل [9] الغرۃ والتحجیل ومسح [10] جمیع الراس من مقدمہ فان عسر رفع العمامۃ کمل علی العمامۃ ومسح [11] الاذنین ظاھرھما وباطنھما بماء جدید ثلثا ثلثا ومسح [12] العنق ببلل الراس والاذنین وتخلیل [13] اصابع الرجلین بخنصر الید الیسری من اسفل خنصر الیمنی الی خنصر الیسری

فرض وضو۔ مسح کرنا ہے۔ سر کے کچھ جزو کا۔ اور فقط دھو ڈالنا۔ اور تر ہاتھ پھیرنا بغیر ندب کراہت کے جائز ہے۔

پانچوان فرض وضو۔ ٹخنون سمیت بمعہ شگافون کے پاؤن کا دھونا ہے۔

چھٹا فرض وضو۔ ترتیب ہے یعنے ایک کے ساتھ ہی دوسرے فرض کو ادا کرنا جیسا کہ اوپر مذکور ہوا ہے۔

فصل وضو کی سنتون کے بیان مین

وضو کی انیس ۱۹ سنتین ہین۔ مسواک [1] کرنا منہ کے عرض مین کسی سخت چیز سے۔ اور بسم [2] اللہ الرحمن الرحیم پڑھنا شروع وضو مین اور دونون [3] ہتھیلیون کا پہنچون تک دھونا۔ اور کلی [4] کرنا اور اوسمین مبالغہ بھی کرنا سوا صائم کے۔ اور ناک [5] مین پانی لینا اور اوسمین بھی مبالغہ کرنا بجز روزہ دار کے اور تین [6] تین بار ہر عضو کو دھونا اور مسح کرنا اور شک واقع ہو تو یقین پر عمل کرے۔ اور گھنی [7] داڑھی کا خلال کرنا۔ اور سیدھی [8] طرف سے شروع کرنا۔ اور دراز [9] کرنا غرہ اور تحجیل کا یعنی منہ اور ہاتھون اور پاؤن کو انکی حد سے زیادہ دھووے۔ اور سر [10] کا تمام مسح کرنا اگلی طرف سے شروع کرکے کرنا۔ پھر اگر پگڑی کا نکالنا دشوار ہو تو پگڑی ہی پر مسح کی تکمیل کرے۔ اور دونون [11] کانون کا انکے باہر اور اندر سے تین تین بار مسح کرنا اور گردن [12] کا مسح کرنا ساتھ اوس تراوٹ کے جو سر اور کانون کے مسح کرنے سے باقی رہی۔ اور خلال [13] کرنا پاؤن کی انگلیون کا

والتکرار ثلثا ثلثا والموالات فی غسل الاعضاء وان لا یستعین فی وضوئہ احدًا وان لا ینفض یدیہ بعد الوضوء وان لا ینشف اعضائہ بعد الوضوء وان لا یتکلم فی اثنائہ وان یقول بعد الفراغ

اور تین تین بار مکرر کرنا۔ اور اعضا کو پے درپے دہونا۔ اور وضو کرنے مین کسیکی مدد نہ لینا اور بعد وضو کے اعضا کو نہ جھٹکنا اور اثنا وضو مین بات نکرنا۔ اور وضو سے فارغ ہوکر یہ دعا سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ سے لیکر وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ تک پڑہے

جسکا ترجمہ یہ ہے

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ وَاَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِىْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِىْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ وَاجْعَلْنِىْ مِنْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ وَاجْعَلْنِىْ عَبْدًا صَبُوْرًا شَكُوْرًا وَاجْعَلْنِىْ مِنَ الَّذِيْنَ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ٥

یا اللہ پاکی بیان کرتے ہین ہم تیری تیری تعریف کیساتھ برکت والا ہے نام تیرا اور عالی ہے ذات تیری اور تیرے سوا کوئی لائق عبادت کے نہین مین گواہی دیتا ہون کہ تیرے سوا کوئی خدا نہین تو اکیلا ہی ہے تیرا شریک کوئی نہین اور یہ بھی گواہی دیتا ہون کہ محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم تیرا بندہ اور تیرا رسول ہے اور مین تجہسے مغفرت چاہتا ہون اور تیری طرف متوجہ ہوتا ہون یا اللہ مجکو تو اپنے متطہرین اپنے صالحین بندون سے بنا اور مجکو صبر کرنے والا اور شکر کرنے والا بنا اور مجکو اون لوگون سے بنائے جنپر کسیطرح کا خوف اور خطرہ نہین۔

ودعاء الاعضاء لا اصل لہ

اور دعاء اعضا کی کوئی اصل نہین۔

فصل يقدم الداخل الى الخلاء يسارہ والخارج يمينه وبعكسہ المسجد ويُنحي ذكر الله تعالى واسم رسوله ويعتمد في جلوسه على يسارہ ولا يتكلم على البول والغائط ولا يستقبل القبلة ولا يستدبرها وفي الصحراء حرام ولا يستقبل الشمس والقمر ويبعد أعين الناس ويستتر ويسكت ولا يبول في ماءٍ راكدٍ وجحرٍ ومهب ريحٍ ومتحدث الناس والطريق وتحت الشجرة المثمرة ولا يستنجي بالماء موضع الفراغ۔

فصل وفي الوضوء اربعة آداب ان يستقبل القبلة وان يجلس على موضع عالٍ وان يجعل الاناء ان كان واسعًا عن يمينه وعلى يسارہ ان صب منه وان يقول بعد الوضوء شهادة۔

فصل والاستنجاء واجب من البول والغائط ويستبرئ من البول كما قال عليه السلام

فصل پاخانہ جانیوالا۔ پاخانہ مین داخل ہوتے وقت بائین اور نکلتے وقت سیدھا پاؤن آگے کرے۔ اور مسجد مین داخل اور خارج ہوتے وقت اوسکے برعکس کرے۔ اور جس چیز پر خدا تعالی کا ذکر یا رسول اللہ صلعم کا نام مبارک لکھا ہوا ہو اوسکو الگ کرے۔ اور بیٹھنے مین بائین پاؤن پر زور دیکر بیٹھے۔ اور پیشاب اور پاخانہ پھرتے وقت بات نہ کرے اور قبلہ شریف کی طرف نہ منہ کرے نہ پیٹھ۔ اور اگر جنگل مین ہو تو یہ دونون امر حرام ہین۔ اور سورج اور چاند کی طرف بھی منہ نکرے۔ اور لوگونکی نظرون سے دور جائے۔ اور پردہ کرے۔ اور خاموش بیٹھے۔ اور بند یعنی ٹھرے ہوئے پانی مین۔ اور سوراخون مین اور ہوا کے رُخ پر اور لوگونکی بات کرنیکی جگہ پر۔ اور سڑک پر۔ اور پھلدار درخت کے نیچے پیشاب نہ کرے۔ اور جسجگہ پاخانہ اور پیشاب کیا ہے اوسجگہ پانی سے استنجا نہ کرے۔

فصل وضو کے آداب مین اور وضو مین چار آداب ہین۔ یہ کہ قبلہ کیطرف منہ کرے۔ اور یہ کہ بلند جگہ پر بیٹھے۔ اور برتن چوڑا ہو تو اوسکو اپنے سیدھی طرف رکھے۔ اور اگر برتن سے دوسرا آدمی اوسکے اعضا پر پانی ڈالتا ہو تو اوسکو اپنی بائین طرف رکھے۔ اور وضو کے بعد کلمۂ شہادت پڑہے۔

فصل استنجا کے بیان مین۔ پیشاب اور پاخانہ سے استنجا کرنا واجب ہے۔ اور پیشاب سے خوب صفائی کرے۔ چنانچہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا ہے۔ کہ پیشاب سے اچھی طرح صفائی کرو۔

استنزهوا من البول فان عامة عذاب القبر منه

ويجب الاستنجاء بالماء او الحجر من البول

والغائط ويستحب ان يتبع الحجارة بالماء

والجمع افضل وما في معنى الحجر كل جامدٍ

طاهرٍ قالعٍ غير محترمٍ ويجوز بالجلد المدبوغ

ويجزيه ان يقتصر على الماء او حجر له ثلثة

اطرافٍ ويسن الايتار وان يمر كل حجرٍ على

جميع المواضع وان يستنجي بيساره فلا يستنجي

بالحجر النجس والزجاج الاملس والمطعومات

فان لم ينق بثلث مسحاتٍ وجب الزيادة

ويجب الاستنجاء لدودٍ ونحوه وان لم

يلوث ويقول عند دخوله بسم الله اللهم

انى اعوذ بك من الرجس النجس الخبث المخبث

من الشيطان الرجيم وعند خروجه غفرانك

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ اَذْهَبَ عَنِّى الْاَذٰى

وَعَافَانِىْ ـ

فصل وَالذي ينقض الوضوء خمسة اشياء

اسلئے کہ قبر کا اکثر عذاب بسبب پیشاب کے ہوگا ۔ اور استنجا

کرنا واجب ہے ۔ پیشاب اور پاخانہ سے ساتھ پانی یا پتھر کے ۔

اور پتھر کے بعد پانی سے استنجا کرنا مستحب ہے ۔ اور ان دونوںکا

جمع کرنا بہت بہتر ہے ۔ اور پتھر سے مراد ہر ایک بھی ہوئی چیز

جو پاک ہو اور نجاست کو دور کرنیے والی ہو ۔ لیکن محترم نہو

اور دباغت کیے ہوئے چمڑے کے ساتھ بھی استنجا جائز ہے ۔

اور فقط پانی کے ساتھ استنجا کرلینا ہی کافی ہے ۔ یا فقط

ایک پتھر سے جسکے تین گوشے ہوں جائز ہے ۔ اور پتھروں

(یا ڈھیلوں میں) طاق عدد کا لحاظ رکھنا سنت ہے ۔ اور

یہ بھی سنت ہے کہ ہر ایک پتھر کو تمام موضع نجاست پر پھیرے

اور یہ بھی سنت ہے کہ بائیں ہاتھ سے استنجا کرے ۔ اور نہ

استنجا کرے ساتھ نجس پتھر یا چکنے شیشے کے اور نہ ساتھ

کھانیکی چیزوں کے ۔ اور اگر تین بار مسح کرنے سے پاک نہو

تو زیادہ کرنا واجب ہے ۔ اور واجب ہے استنجا بسبب نکلنے

کرم یا اسکی شکل کے اگرچہ اوسکے نکلنے سے جگہ آلودہ بھی نہو

اور کہے پاخانہ میں داخل ہوتے بسم اللہ الرحمن الرحیم اور

نکلتے وقت غفرانک اللہم الی آخرہ

فصل وضو توڑنے والی چیزوں کے بیان میں

اور وضو کو توڑنے والی پانچ چیزیں ہیں ۔

احدها الخارج من احد السبيلين قبلا او دبرا ولو ناد را الا المنى والثانى النوم لا نوم القاعد مفضيا بمحل الحدث الى الارض فلو انسد المعتاد وانفتح تحت المعدة فالخارج منه ناقض دون ما فوقها مطلقا او تحتها والمعتاد منفتح والثالث زوال العقل بجنون او اغماء او بسكر او مرض الرابع لمس المرأة الاجنبية تحل نكاحها التى سنها فوق سبع سنين وكذلك الرجل لا محرمية بينهما ولو من ميت دون صغير وسن وشعر وظفر وعضو منفصل الخامس مس فرج الادمى بباطن الكف قبلا كان او دبرا حتى من ميت وصغير وفرج منفصل ومحل الجب والذكر الاشل بالراحة او بطون الاصابع ولو بيد شلاء لا بما بين الاصابع ورؤسها۔

فصل

يحرم على المحدث اربعة اشياء

ایک وہ چیز ہے کہ اگلے یا پچھلے رستے سے نکلے اگرچہ نوادرات سے ہو بجز منی کے۔ اور دوسرا سونا لیکن اس طرح بیٹھ کر سووے کہ حدث کی جگہ زمین سے لگی ہو تو وضو نہیں جاتا۔ لیکن مجرای معتاد بند ہو جاوے اور دوسرا مجرای معدے کے نیچے کھلے تو اوس میں سے جو چیز نکلے وہ ناقض وضو ہے۔ مگر جب وہ مجرای معدہ کے اوپر ہو تو مطلقاً ناقض نہیں۔ اور اگر وہ مجرای جدید معدہ کے نیچے ہو اور مجرای معتاد بھی کشادہ ہو تو بھی ناقض نہیں۔

تیسرا عقل کا زائل ہونا بسبب جنون یا بیہوشی یا نشہ یا مرض کے چوتھا۔ مس کرنا اوس اجنبی عورت کو جس کے ساتھ نکاح کرنا حلال ہو اور عمر اوس کی سات برس سے زیادہ ہو۔ اسی طرح چھونا عورت کا مرد کو جبکہ ایک دوسرے کے محرم نہووین۔ اگرچہ وہ میت ہو۔ لیکن مذکور عمر سے کم ہو یا دانت یا بال یا ناخن یا عضو منفصل کو مس کرے تو وضو نہیں ٹوٹتا۔ پانچوان مس کرنا آدمی کی فرج کو ساتھ باطن ہتیلی کے قبل ہو یا دبر میت ہو یا بچہ۔ اور فرج متصل ہو یا جدا۔ اور کٹے ہوئے ذکر کی جگہ کو مس کرنا اور شل آلت کو مس کرنا بھی ناقض وضو ہے۔ خواہ ہتیلی سے مس کرے یا انگلیوں کے شکم سے اگرچہ ہاتھ شل سے مس کرے لیکن بائیں انگلیوں کے اور انکے سرون کے درمیان جو جگہ ہے اوس سے مس کرے تو وضو نہیں جاتا۔

فصل

اور حدث والے پہ چار چیزیں حرام ہیں۔

الصّلوة والطواف وعلی البالغ حمل
المصحف ومسه ورقا وجلدا وخريطه
وصندوقا فيهما المصحف وقلب ورقه
بخشب وكذا ما كتب منه للدراسة دون
تفسير ومتعه وفقه ودراهم

فصل ويحرم على الجنب ستة اشياء
الصّلوة والطّواف وقرأة القران ومسّ
المصحف وحمله والمكث فی المسجد

فصل ويحرم على الحائض والنفساء تسعة
اشياء الصّلوة والطّواف والصّوم وقرأة
القرأن ومسّ المصحف وحمله ودخول المسجد
والوطی والاستمتاع ما بين السرة والركبة
واذا انقطع الدم ارتفع تحريم الصوم وحده
وتبقى سائر المحرمات الى ان تغتسل ويجب عليها
قضاء الصوم دون قضاء الصلوة

فصل والذی يوجب الغسل ستة اشياء
ثلثة منها يشترك فيها الرجال والنساء وهی

نماز پڑہنے۔ طواف کرنا۔ اور بالغ ہو تو قرآن شریف کا اوٹہانا
اور اوسکو مس کرنا۔ خواہ اوسکے ورق کو۔ یا صندوق کو
جسمین قرآن شریف ہو۔ یا جلد یا جزو دان اوسکو اور
لکڑی سے اوسکے ورق اولٹنا۔ اور پڑہنے کے واسطے
جو کچہ لکھا گیا ہو اوسکو بھی مس کرنا حرام ہے۔
لیکن تفسیر اور فقہ اور اون درہمون کو جنپر آیات
قرآنی لکھی ہون مس کرنا حرام نہین۔

فصل اور جنابت والے پر چھہ چیزین حرام ہین۔ نماز
پڑہنی۔ طواف کرنا۔ قرآن پڑہنا قرآن شریف کو مس کرنا
اور قرآن کو اوٹہانا۔ اور مسجد مین دیر تک ٹہرنا۔

فصل حیض والی اور نفاس والی پر نو چیزین حرام ہین
نماز پڑہنی طواف کرنا۔ روزہ رکہنا قرآن شریف کو پڑہنا
اور قرآن کو مس کرنا۔ اور اوٹہانا اور مسجد مین داخل ہونا
اور مجامعت کرنی۔ اور ناف سے گھٹنون کے درمیان استمتاع
یعنی ملاعبت کرنی۔ اور جب خون بند ہوجاے تو فقط روزہ کی
تحریم اوٹہ جاتی ہے۔ اور باقی محرمات غسل کے تک باقی رہتی ہین
اور عورت پر روزہ کی قضا واجب ہے نہ نماز کی۔

فصل اور غسل کو واجب کرنے والی چھہ چیزین ہین۔
تین مین مرد اور عورت سب شریک ہین۔ ایک اون تینون
مین سے تو مرد اور عورت کے۔

التقاء الختانين وانزال المنى من طريق المعتاد وغيره والموت وثلثة منها يختص للنسآء وهى النفاس والولادة والحيض والجنابة تحصل بتغييب الحشفة اوقدرها فى اى فرج سواء كان ادميا اوبهيمة ولو من ميت وخواص المنى ثلثة احدها التلذذ بخروجه ويعرف بالتدفق بدفعات وبرائحة كرائحة الطلع والعجين رطبا وبياض البيض لجافة وان وجد علامة المنى وجب الغسل فان لم يوجد شئ من هذه الصفات فلاغسل والمرأة كالرجل فى الصفات المذكورة ويأخذ محتمل الحدثين بما شاء ويحرم بالجنابة ما يحرم بالحدث الاقرأة القران والمكث فى المسجد ولا يحرم على الجنب العبور فى المسجد ويعرف منى الرجل بالثخانة والبياض ومنى المرأة بالرقة والاصفرار ولو اغتسلت من الجماع ثم خرج منها المنى نعيد ان قضت شهوتها بذلك الجماع۔

ختنین کا ملنا ہے۔ دوّم منی کا نکلنا ہے معتاد طریق سے یا غیر معتاد سے۔ سیوم موت ہے۔ اور تین دو چیزین ہین کہ فقط عورتون ہی کے ساتھ خاص ہین۔ ایک اونمین سے نفاس ہے۔ دوسرے ولادت یعنی بچہ جننا۔ سوم حیض

اور جنابت حاصل ہوتی ہے ساتھ غایب ہونے حشفہ کے یا بقدر حشفہ کے کسی فرج مین اگرچہ وہ فرج آدمی کی ہو یا چارپایہ کی خواہ مردہ کی ہو۔

اور منی کے تین خاصے ہین۔ ایک یہ کہ اوسکے نکلنے سے لذت حاصل ہو۔ دوّم یہ کہ دفعات کو دکر نکلے۔ سیوم یہ کہ بو ہو اوسکے مثل بو کہجور کے یا مانند خمیر گیہون کی تری مین اور خشکی مین سفید ہو مانند سفیدی انڈے کے

اور جب علامت منی کی پائی گئی تو غسل واجب ہوا۔

اور اگر ان صفتون مین سے کوئی صفت موجود نہو تو غسل واجب نہین۔ اور عورت صفات مذکورہ مین مرد کے مانند ہے۔ اور جسکو دونون حدثون مین احتمال ہو تو وہ جسکو چاہے اختیار کرے۔

اور جنابت والے پر وہ چیزین حرام ہین جو کہ حدث والے پر حرام ہین بجز قرآن پڑہنے اور مسجد مین دیر تک ٹھہرنیکے۔ اور جنابت والے پر فقط مسجد مین سے گذر جانا حرام نہین (ہان دیر تک مسجد مین ٹہرنا اوسکو حرام ہے)۔

اور منی مرد کے ساتھ گاڑھے پنے اور سفیدی کے اور عورت کے ساتھ رقت اور زردی کے پہچانی جاتی ہے۔

اور جب عورت جماع سے غسل کر چکی پھر اوسکی فرج سے منی نکلے تو پھر اوس غسل کا اعادہ کرے۔ اگر شہوت اوسکی اوس جماع سے پوری ہو چکی تھی۔

فصل وفروض الغسل ثلثة النية عند غسل الرأس وهي رفع الجنابة او استباحة مفتقر الى الطهارة او اداء فرض الغسل ونحوه مقرونة باول غسل مفروضة وازالة النجاسة ان كانت على بدنه كما في الوضوء وتعميم الشعر والبشرة بالغسل حتى منابت كثيفة ولا يجب المضمضة والاستنشاق واكمله ان يزيل الاذى اولا ويتوضأ كملا ثم يفيض الماء على رأسه ويخلل اصول شعره ثم على شقه الايمن ثم الايسر ويتعهد المعاطف ويثلث ويدلك والمرأة تتبع اثر الدم شيئا من المسك ونحوه عند عدمه ولا يسن تجديد الغسل بخلاف الوضوء ويسن ان لا ينقص ماء الوضوء عن مد وماء الغسل عن صاع ولا حد لاقلهما وعلى من بدنه نجاسة وجب ازالتها اولا ثم يغتسل كالوضوء ومن اغتسل للجنابة والجمعة اجزاه عنهما ولاحدهما لا يجزى عن الآخر ان نوى

فصل اور فرض غسل کے تین ہین نیت کرنی وقت دھونے سر کے ۔ پس نیت کرے رفع جنابت کی یا اوس چیز کے مباح ہونیکی جو محتاج ہو غسل کیطرف یا ادائے فرض غسل کی یا مثل اوسکے ور انکا لیکہ یہ نیت غسل مفروض کے شروع کے ساتھ متصل ہو ۔ اور دور کرنا نجاست کا اگر اوسکے بدن پر ہو جسطرح کہ وضو کرتے ہین ۔
اور تمام چمڑے اور سب بالون مین پانی پہنچانا ۔ لیکن کلی کرنا اور ناک مین پانی لینا واجب نہین اور کامل غسل یہ ہے کہ پہلے میل وغیرہ کو دور کرے پہر کامل طور پر وضو کرے ۔
پہر سر پر پانی ڈالے ۔ بالونکی جڑونکا خلال کرے ۔ پہر سیدھی طرف بدن کے پانی ڈالے پہر بائین طرف اور جوڑون اور بلونکو اچھی طرح پانی پہنچائے ۔ بدنکو ملکر تین تین بار پانی ڈالے ۔
اور عورت خون بند ہونیکے بعد فرج مین کستوری یا مثل اسکے اور کوئی خوشبو رکھے (تاکہ بدبو دور ہو جاے)
اور تجدید غسل سنت نہین بخلاف وضو کے ۔ اور سنت ہے کہ وضو کا پانی ایک مد سے اور غسل کا ایک صاع سے کم نہو ۔ اور وضو اور غسل کے سوا پانی کی کوئی حد نہین ۔ اور جس کے بدن پر نجاست ہو واجب ہے دور کرنا اوسکا اولًا پھر غسل کرے وضو کے مانند ۔
اور جسنے واسطے جنابت اور جمعہ کے غسل کیا تو دونونکو کفایت کرتا ہے اور اگر ایک کے واسطے مثلًا فقط جنابت کے واسطے کیا تو جمعہ سے کافی نہوگا ۔
لیکن اگر فقط ایک کی نیت سے غسل کرے تو دوسرے کو کافی نہوگا ۔

الجنابة مع للجمعة او العیدین او النفلین او لحدهما حصل ما نواه۔

فصل وسنن الغسل اربعة الوضوء قبله والتسمیة وامرار الید علی الراس و البدن والموالات

فصل والاغتسالات المسنونات تسعة عشر غسل الجمعة والعیدین والکسوفین والاستسقاء والغسل من غسل المیت و الکافر اذا اسلم والمجنون والمغمی علیہ اذا افاقا وعند الاحرام وعند دخول مکة والطواف والسعی والوقوف بعرفة والمبیت بمزدلفة ولرمی الجمار الثلثة بمنیً والغسل بعد الحجامة والغسل بعد حلق الراس والغسل عند الاعتکاف والغسل لبلوغ الصبی والفراق بین المرأة والرجل۔

فصل وشروط التیمم خمسة احدها وجود العذر من سفرٍ او مرضٍ والثانی

اور اگر جنابت کے ساتھہ ہی جمعہ کی یا عیدین کی یا نفلون کی یا دونین سے ایک ایک کی نیت کرے تو جس جسکی نیت کی ہے وہ اسکو حاصل ہو جائیگا (یعنی درست ہو جائیگا اوسکا غسل ہی)

فصل

غسل کی سنت چار ہین - غسل سے پہلے وضو کرنا - بسم اللہ کا پڑہنا - ہاتہہ کو سر اور سب بدن پر پہیرنا تاکہ کوئی جگہ سوکہی نہ رہجاے - اور پے در پے پانی ڈالنا۔

فصل

مسنون غسلین انیس[19] ہین - ١ جمعہ کا غسل ٢ دو عیدونکا غسل ٣ چاند اور سورج کے گہن کا غسل ٤ بارش مانگنے کا غسل ٥ میت کے نہلانے سے غسل کرنا ٦ اسلام لانے کے وقت غسل کرنا - بیہوشی اور دیوانگی سے اچہا ہونیکے وقت غسل کرنا - احرام باندہنے کے وقت غسل کرنا - مکہ مین داخل ہونیکے وقت غسل کرنا - طواف اور سعی کے وقت غسل کرنا - عرفہ مین وقوف کرنے واسطے غسل کرنا - مزدلفہ مین رات گذارنیکے واسطے غسل کرنا منی مین رمی جمارہ کے واسطے غسل کرنا - حجامت کے بعد غسل کرنا سر منڈانے کے بعد غسل کرنا - اعتکاف کیواسطے غسل کرنا لڑکپن سے بالغ ہونیکے وقت غسل کرنا - اور مرد اور عورت جب جدا ہووین غسل کرنا۔

فصل

تیمم کی پانچ شرطین ہین - ایک عذر کا پایا جانا سفر یا مرض کے سبب سے - دوسرا

دخول وقت الصلوۃ والثالث یطلب الماء
فی کل وقت من الاوقات والرابع یخاف
من استعمال الماء معہ تلف عضو او منفعۃ
او ببطوء البرء او شیناً فاحشاً علی عضو ظاہر
والخامس التراب الطاہر۔

فصل وفروض التیمم اربعۃ النیۃ ومسح
الوجہ ومسح الیدین الی المرفقین والترتیب

فصل یجوز التیمم بکل تراب طاہر
حتی الطین الذی یتداوی بہ ورمل لہ
غبار لا بمعدن وسحافۃ خزف ومختلط
بدقیق ونحوہ وان قل الخلیط ولا بالتراب
المستعمل وھو ما لزم العضو او تناثر عنہ ولا یجوز
بما لا یسمی ترابا ولا یجوز التیمم بتراب الوقف
کتراب المسجد ولا بتراب المغصوب ولا بہ
من قصد التراب ویکفی تمعکہ لا ان سفت
الریح علیہ فرددہ ونوی ولو یممہ غیرہ باذنہ
ولو قادرا جاز

نماز کے وقت کا داخل ہونا ۔ ۳ تیسرے طلب کرنا پانی کا ہر
ایک وقت مین اوقات نماز سے ۔ چوتھے پانی کے استعمال سے
کسی عضو کے تلف کا خطرہ یا بیکار ہو جانے کا خوف یا دیر تک
مریض رہنے کا اندیشہ ۔ یا کسی عضو پر ۔ یا کسی ظاہر عضو پر
عیب فاحش رہجانیکا خوف ہو ۔ پانچوین شرط یہ ہو کہ تیمم کیلئے
پاک مٹی ہووے ۔

فصل

تیمم کے چار فرض ہین ۔ پہلا فرض نیت کرنی ۔ دوسرا منہ کا
مسح کرنا ۔ تیسرا دونون ہاتھون کا کہنیون تک مسح کرنا چوتھا
فرض ترتیب وار ہر ایک فعل کو کرنا ۔

فصل

درست ہے تیمم ہر پاک مٹی سے یہانتک کہ جس مٹی سے دوا کرتے
ہین یعنی گیری وغیرہ سے بھی جائز ہے اور جس بالو مین غبار
ہو اوس سے بھی جائز ہے ۔ اور معدنیات اور ٹھیکری پسی ہوئی
اور وہ مٹی کہ جسمین آٹا یا مثل اوسکے ملگئے ہون ۔
اگرچہ آٹا تھوڑا ہی اوسمین ہووے جائز نہین ۔ اور مستعمل مٹی کے
ساتھ بھی درست نہین مستعمل مٹی وہ ہے کہ عضو کے ساتھ
لگی ہو یا اوس سے گری ہو ۔ اور جسپر مٹی کا نام نہین بولا جاتا اوسکے
اور وقف مٹی کے ساتھ تیمم جائز نہین مثل مسجد کی مٹی کے اور مغصوب مٹی کے ساتھ اور جو مٹی کا
قصد کرے ۔ اور کافی ہے منہ اور ہاتھ کو مٹی مین لوٹانا ۔
اور اگر ہوا مٹی اوڑا کر اسپر ڈالے تو یہ شخص نیت کر کے
اوسکو اعضا پر ملے تو یہ تیمم جائز نہین ۔ اور کسی دوسرے
آدمی نے اوسکو اوسکے اذن سے تیمم کرایا اور یہ تیمم کرنیوالا خود
بھی تیمم کرنے پر قادر تھا تو بھی درست ہے تیمم اوسکا ۔

فصل

ارکان التیمم خمسۃ منہا نقل التراب الی الوجہ والید وبالعکس و نیۃ استباحۃ فرض الصلوۃ لا نیۃ رفع الحدث او فرض التیمم ویجب اقترانہا بالنقل واستدامتہا الی مسح شیء من الوجہ فلو نوی الفرض والنفل او مجرد الفرض اُبیح لہ وان نوی النفل ومطلق الصلوۃ فلہ النفل ومسح الوجہ بالتراب والیدین مع المرفقین ولا یجب ایصال التراب الی منابت الشعور وان خفت ویجب الترتیب فی المسح دون النقل حتی لو ضرب یدیہ علی التراب ومسح بیمینہ وجہہ وبیسارہ یمینہ جاز

فصل

وسنن التیمم سبع التسمیۃ فی اولہ ومسح الوجہ والیدین بضربتین وتقدیم الیمنی علی الیسری وتخفیف التراب والبداءۃ باعلی الوجہ والموالاۃ بین الافعال وتفریق الاصابع فی ضربتین ویجب نزع الخاتم

فصل

تیمم کے ارکان پانچ ہین ایک انہین سے مٹی کا نقل کرنا ہے اگرچہ مُنہ سے ہاتھ کیطرف یا ہاتھ سے منہ کیطرف ہو۔ دوم فرض نماز کے جائز ہونیکی نیت کرنی نہ رفع حدث کی نیت۔ یا فرض تیمم کی نیت کرے۔ اور واجب ہے ملانا اس نیت کا پہلی بار مٹی ملنے سے اور ساتھ رکہنا نیت کا منہ کے کچہہ حصہ مسح کرنے تک۔ پس اگر فرض نماز کے لئے کسی نے نیت کی یا نفلون کے لئے یا مجرد فرضون کے لئے تو یہ دونون درست ہین اسکے لئے۔ اور اگر نفل یا مطلق نماز کی نیت کی تو اس سے فقط نفل ہی پڑہنے جائز ہین۔ چوتھا رکن تیمم کا مٹی کے ساتھ منہ کا مسح کرنا ہے۔ اور دونون ہاتھون کا کہنیون تک مٹی سے مسح کرنا ہے۔ اور منابت الشعور یعنی بالونکی جڑاون تک کی جگہ مٹی کا پہنچانا کچھ ضرور نہین پانچوان رکن ترتیب ہے مسح الاعضا مین یعنی اعضا پر مٹی ملنے مین ترتیب واجب ہے۔ اور نقل کرنے مین ترتیب واجب نہین۔ پس جب کسی شخص نے مٹی پر دو ہاتھ مارے اور سیدھے ہاتھ سے منہ کا مسح کیا اور بائین ہاتھ سے منہ کی سیدھی طرف کا مسح کیا تو جائز ہے

فصل تیمم کے سات سنتین ہین۔ بسم اللہ پڑہنا شروع مین اور منہ کا مسح کرنا۔ اور ہاتھونکا مسح کرنا۔ دو ضربون کے ساتھ۔ اور سیدھے کو بائین پر مقدم کرنا اور تھوڑی سی مٹی ہاتھونسے ضرب کے وقت اوٹھانی۔ یعنی تھوڑی لینی چاہئے۔ اور منہ کے اوپر کی طرف سے شروع کرنا۔ اور

فی الثانی

فصل والذی یبطل التیمم ثلثۃ اشیاء احدہا ما ابطل الوضوء والثانی وجود الماء فی غیر الصلوۃ والثالث الردۃ ۔

فصل وتیمم لکل فریضۃ فی وقتہا ولا یصلی بتیمم واحد اکثر من فریضۃ ویصلی نوافل ماشاء وصلوۃ جنازۃ و اذا تیقن المسافر وجودہ فیما یتردد الیہ الحاجۃ وجب قصدہ ان لم یخف ضررا فی نفس او مال وان کان فوق ذلک فلہ التیمم واذا تیقن وجودہ اخر الوقت فالتاخیر اولی وان ظن فالتعجیل افضل و ان وجد ماء یصلح للغسل وجب استعمالہ قبل التیمم ویجب شراء الماء کما یجب شراء الثوب ان بیع بثمن مثلہ فی زمانہ ومکانہ ولم یحتج الیہ لدین مستغرق او موءنۃ سفرہ او نفقۃ حیوان محترم ٭

دوسری ضرب مین اوتارنی واجب ہے ۔

فصل

تیمم کی توڑنیوالی تین چیزین ہین ایک وہ چیز ہے کہ وضو کو توڑتی ہے ۔ دوئیم نماز کے باہر پانی کا ملنا ہے ۔ سیوم مرتد ہونا ۔

فصل

اور ہر ایک فرض کے لئے اوسکے وقت مین تیمم کرے ۔ اور ایک تیمم کے ساتھ ایک سے زیادہ فرض نہ پڑہے (مثلاً مغرب کیلئے تیمم کیا ہے تو اوس تیمم کے ساتھ عشا نہ پڑہے) لیکن نوافل جتنی چاہے ۔ اور نماز جنازہ پڑہ سکتا ہے ۔ اور جب مسافر کو پانی کے ملنے کا یقین ہو تو واجب اسپر تلاش کرنا ۔ پانی کا اگر پانی وڈہونڈنے مین نفس اور مال کا خطرہ نہو اور اگر خطرہ ہو مال اور نفس کا (مثلاً رستہ مین شیر یا قطاع الطریق ہون یا پانی کیطرف جا اور اوسکا مال کوئی چرالیوے تو اوسکو پانی تلاش کرنا ضرور نہین) اس صورت مین تیمم کرلیوے اور جبکہ پوری طرح یقین ہو کہ آخر وقت مین پانی مل جائیگا تو نماز کو موخر کرنا آخر وقت تک اس صورت مین افضل ہے اور اگر نماز کے اخیر پر پانی ملنے کا اوسکو یقین نہین فقط ظن ہے تو اس صورت مین تیمم کرکے پہلے ہی وقت مین نماز پڑہنی بہتر ہے ۔ اور اگر اتنا پانی ملا کہ جس سے غسل ہو سکتا تھا تو واجب ہے استعمال اسکا تیمم سے پہلے اور واجب ہے خریدنا پانی کا واسطے وضو کے جسطرح کپڑا ستر عورت کے واسطے خریدنا واجب ہے ۔ اگر بیچا جاتا ہو ساتھ قیمت مثل کے باعتبار اس زمانہ اور مکان کے ۔ اور یہ آدمی محتاج نہو طرف

فصل واذا تیمم لفقد الماء ثم وجده قبل الشروع فی الصلوة بلا مانع کعطش او بعده واتمها بالتیمم لا یسقط فرضها بطل التیمم فی الحال ولو وهبا او قرض الماء او اعیر الدلو وجب علیه القبول لا قبول ثمنه ولو نسی الماء فی رحله او اضله فیه فلم یجده بعد الطلب وجب القضا الا ان ضل رحله فی الرحال - **فصل** تیمم المحدث والجنب لاسباب احدها فقد الماء وان تیقن المسافر عدمه تیمم بلا طلب وان توهمت طلبه فی رحله و رفقته وحوالیه ان کان مستوی والثانی ان یحتاج الیه لعطش حیوان محترم حالا او مالا والثالث المرض الذی یخاف من استعمال الماء معه تلف عضو او منفعة او بطوء البرء او شینا فاحشا علی عضو ظاهر وشدة البرد کمرض واذا امتنع الجریح استعمال الماء فی بعض الاعضاء ولم یکن علیه ساتر غسل الصحیح وتیمم عن الجریح ولا ترتیب بینهما

فصل اگر کسی نے پانی نہ ملنے کے سبب تیمم کیا پھر نماز شروع کرنے سے پہلے اسکو بلا مانع (مانند پیاس) کے پانی مل گیا یا بعد و ریکہ نماز ایسی ہو کہ اوسکا تمام کرنا ساتھ تیمم کے فرض کو ساقط نہیں کرتا تو تیمم اوسیوقت باطل ہوگیا -
اور اگر پانی کسی نے اوسکو بخشا - یا قرض کے طور پر دیا یا پانی نکالنے کے واسطے ڈول دیا تو واجب ہے اوسپر قبول کرنا انکا - اور اگر قیمت پانی خریدنے کے واسطے دی تو قیمت کا لینا واجب نہین اوسکو اور اگر اپنے اسباب مین پانی بھول آیا - یا اسباب مین پانی گم گیا اور اوسکو ڈھونڈھنے کے بعد نہ ملا تو واجب ہے قضا اوسپر - لیکن جبکہ ڈیرہ اوسکا ڈیرونمین گم گیا تو قضا اوسپر واجب نہین -
فصل صاحب حدث اور جنابت والا تین سببون سے تیمم کرے ایک یہ کہ پانی نہ ملے اور جس صورت مین کہ مسافر کو پانی نہ ملنے کا یقین ہو تو بلا طلب تیمم کرلیوے - لیکن اگر پانی کے ہونیکا فقط وہم ہو تو پانیکو پہلے اپنے ڈیرے اپنے رفیقونمین اپنے آس پاس اگر زمین ہموار ہو تو طلب کرے - دوسرے یہ کہ پانی کی حاجت ہے خود کو یا کسی حیوان محترم کو فی الحال یا آیندہ - سیوم یہ کہ ایسا مرض ہو کہ پانیکے استعمال کرنیسے کسی عضو کا تلف ہونا یا منفعت عضو کے تلف ہونیکا یا دیر سے اچھا ہونیکا یا کسی ظاہر عضو پر عیب فاحش رہجانیکا خوف ہو - اور سخت سردی کا ہونا مثل مرض کے ہے - اور جب کہ جراحت والا بعض اعضا مین پانی کے استعمال کرنے سے معذور رہو - اور اوس جراحت پر پٹی وغیرہ کے باندہنے والے چیز نہو تو عضو صحیح کو دہو ڈالے اور جائے زخم کے بدلے تیمم کرے اور جنبی کے لیے - اور محدث کے لیے ان دونون کے دہونے اور تیمم کرنے مین ترتیب نہین -

للجنب والمحدث بین الغسل والتیمم ومن لم یجد
ماءً ولا ترابًا صلی الفرض وحده واعاد والمحدث
تیمم عند وظیفة غسل العلیل وان کان علیه
ساتر یشق نزعه غسل الصحیح ومسح علی الساتر
وتیمم کما سبق واذا کانت الجراحة علی عضوین
فصاعدًا تیمم بحسب العضو۔

فصل المسح علی الخفین جائز بثلثة شرائط
ان یبتدئ لبسهما بعد کمال الطهارة وان
یکونا مما یمکن متابعة المشی علیهما وان یکونا
ساترین لمحل الفرض وان یکونا طاهرین ویمسح المسافر ثلثة ایام
مع لیالیهن ویمسح المقیم یومًا ولیلة وابتداء
المدة من حین الحدث لا من حین اللبس۔

فصل ویبطل المسح علی الخفین بثلثة اشیاء
الاول خلعهما وانقضاء مدة المسح وما یوجب
الغسل فلا یجزئ المنسوج الذی لا یمنع وصول
الماء ولا الجرموق ولا بأس بالمشقوق القدم
المشدود ویسن مسح اعلاه واسفله خطوطًا (لعله)

اور جس شخص کو نہ پانی ملے اور نہ مٹی تو وہ فقط فرض نماز ادا کر لیوے
نوافل سنتیں نہ پڑھے اور پانی یا مٹی کے ملنے پر فرضوں کا اعادہ کرے
اور حدث والا عضو علیل کے دھونے کی بجائے تیمم کرے۔ اور اگر
عضو پر پٹی وغیرہ ایسی بندھی ہو کہ اس کے کھینچنے سے تکلیف ہوتی ہو تو صحیح
عضو کو دھووے۔ اور اس پٹی پر مسح کرے اور تیمم کرے جیسا کہ مذکور
ہو چکا ہے۔ اور زخم اگر دو یا زیادہ اندامو پر ہو تو باعتبار ہر عضو کے
تیمم کرے۔

فصل تین شرطوں کے ساتھ موزوں پر مسح کرنا درست ہے
شرط پہلی یہ ہے کہ انکو پہننے کی ابتدا بعد کامل اور پوری طہارت کے واقع ہو
دوسری شرط یہ ہے کہ اس قسم کے مضبوط موزے ہوں کہ انکو پہنکر آدمی
پے در پے چل سکے اور ایسے ہونے چاہییں کہ ہر دو قدموں سے
محل فرض کو چھپانے والے ہوں۔ تیسری شرط یہ ہے کہ ان دونوں کا چمڑا
پاک ہے۔ اور مسافر آدمی تین رات تین دن تک مسح کرے اور مقیم
ایک دن رات مسح کرے اور مدت مسح کی ابتدا وقت حدث سے شمار کیجائیگی
پہننے کے وقت سے نہیں۔

فصل اور تین چیزوں سے موزوں کا مسح باطل ہو جاتا ہے ایک یہ کہ
پاؤں سے نکالے جاویں اور مدت مسح تمام ہو جاوے۔ اور تیسری چیز موجبات غسل ہیں
پس ایسا بنا ہوا موزہ جو کہ پانی کو اندر جانے سے روک نہ سکے کافی نہیں اور
نہ جرموق کافی ہے۔ لیکن اگر تلوہ پھٹا ہوا موزہ جسکو باندھ دیا گیا ہو
تو مضائقہ نہیں۔
اور مسنون ہے کہ موزوں کے اوپر اور نیچے بطور لکیروں کے
مسح کرے۔

وتجزئ مسح ما یحاذی محل الفرض دون الاسفل و
العقب والحرف والشاک فی انقضاء المدۃ یأخذ
بالانقضاء واذا اجنب تجدید اللبس بعد الغسل
ومہما انقضت المدۃ او نزع الخف وھو علی
الطہارۃ کفاہ غسل القدمین ؛

فصل اقل سن تحیض فیہ المرأۃ تسع سنین
قمریۃ فان رأت قبل ذلک شیئًا فھو دم فساد
ویثبت الرضاع بعد تسع سنین قمریۃ تحدیدًا
واقل الحیض یوم ولیلۃ وغالبہ ست او سبع
واکثرہ خمسۃ عشر یومًا ولیالیھا واقل الطہر بین
الحیضتین خمسۃ عشر یومًا ولاحد لاکثرہ
ویثبت العادۃ فی الحیض والطھورۃ واحدۃ
ویحرم بہ ما یحرم بالجنابۃ والعبور فی المسجد
ان خافت تلویثہ والصوم ویجب قضائہ
بخلاف الصلوۃ ویحرم منھا الاستمتاع
ما بین السرۃ والرکبۃ ویباح الصوم والطلاق
بانقطاع الدم وغیرھما بالغسل والاستحاضۃ

اور درست ہے مسح کر لینا او سطرف کا جو کہ فرض کے محل کے برابر ہے لیکن نیچے اور ایڑی کا اور کنارونکا مسح کرنا کافی نہین اور مسح کی مدت مین شک کرنے والا عمل کرے مدت کے تمام ہونے پر ۔ اور جب جنبی ہو جاوے تو موزے اوتار کر غسل کے بعد نئے طور سے پہنے ۔ اور مسح کی مدت جب تمام ہو جاوے یا موزا اوتارے اور یہ آدمی طہارت پہ ہو تو کافی ہے اوسکو پانون کا دہونا ۔ (باقی وضو کا اعادہ کرنا اسپر لازم نہین)

فصل عورت کو حیض آنے کی کم سے کم عمر قمری نو برس ہین نو برس سے پہلے اگر عورت کو خون آیا تو وہ فساد کا خون ہے (حیض کا نہین)۔ اور قمری نو برس ہونے کے بعد نسب رضاع بھی ثابت ہو جاتا ہے ۔ کم سے کم حیض کی مدت ایک دن رات ہے ۔ اور غالب مدت اسکی چھ یا سات دن رات ہین اور اکثر مدت اسکی پندرہ دن رات ہین ۔ اور کم مدت طہر (پاکی) کی دو حیضونکو درمیان مین پندرہ دن ہین اور طہر کے اکثر مدت کی کوئی حد نہین ۔ اور ثابت ہو جاتی ہے عادت حیض اور پاکی مین ایکبار سے ۔ اور جو کام جنابت سے حرام ہین حیض سے بھی حرام ہو جاتی ہین اور اونکے علاوہ مسجد مین گذرنا بھی حرام ہے جب خطرہ ہو مسجد کو نجس ہونے کا ۔ اور روزہ رکہنا بھی حرام ہے لیکن حیض کے بند ہونیکے بعد روزہ کی قضا واجب ہے ۔ اور نماز کی قضا نہین ۔ اور حیض کی حالت مین عورت کی زانو اور ناف کے درمیان خوش طبعی کرنی حرام ہے ۔ اور خون کے بند ہونے پر روزہ رکھنا اور طلاق دینا درست ہو جاتا ہے اور انکے سوا یعنی صحبت کرنا قرآن کو ہاتھ لگانا طواف کرنا وغیرہ غسل کے بعد درست ہوتے ہین ۔ اور استحاضہ جو ہے ۔

حدث دائم کسلسل البول ولا تمنع الصوم والصلوة لکن تغتسل المستحاضة فرجها بعد دخول الوقت وتعصبه ثم تتوضأ وتبادر بالصلوة فان اخرت لمصلحة الصلوة کستر او انتظار جماعة لم یضر ولغیره یوجب الاستیناف ویجب تجدید الوضوء کما ذکرنا لکل فرض ؛

فصل اذا رأت لسن الحیض قدر اقله ولم یعبر اکثره فکله حیض ولو اصفر او کدر فحیض فی الاصح فان عبر وهی مبتدأة ممیزة بان رأت قویا وضعیفا فالضعیف استحاضة والقوی حیض ان لم ینقص عن اقله ولم یعبر اکثره ولم ینقص الضعیف عن اقل الطهر او غیر ممیزة بان رأته علی صفة واحدة او فقدت شرط التمیز فحیضها یوم ولیلة وطهرها تسع وعشرون یوما **والمعتادة** الممیزة ترد الی التمیز وان نقص عن العادة وغیر ممیزة ترد

وہ ایک حدث دائمی ہے سلسل بول کیطرح اسکے سبب روزہ اور نماز منع نہیں ہوتی۔ لیکن استحاضہ والی عورت وقت کے داخل ہونیکے بعد فرج کو دھوئے اور اوسجگہ پر کپڑا باندھکر وضو کرکے جلدی نماز کیطرف قائم ہوجاوے۔ پس اگر نماز کسی مصلحت کے واسطے مانند ستر یا انتظار جماعت کے وضو کو آخر وقت تک موخر کرے تو مضر نہیں۔ اور اونکے سوا کسی اور سبب کیلئے دیر کرے تو پھر وضو کا اعادہ کرے۔ اور ہر فرض کے لیے نیا وضو اوسکو کرنا جیسا کہ ہمنے ذکر کیا ہے واجب ہے

فصل

انك كنت غفارا ترسل السماء علينا مدرارا
اللهم استجب دعائنا بحرمة القران العظيم
وببركت نبيك الكريم لا حول ولا قوة الا
بالله العلی العظيم

فصل وصلوٰة الخوف علی ثلثة اضرب

بارش سی ہمکو سیراب کر اور پہیلائے اپنی رحمت اور ہمکو نا امید کر
یا اللہ ہم تجہسے معافی مانگتے ہین بیشک تو معاف کرنیوالا ہے آسمان
سے ہمپر بارش اتار ۔ یا اللہ بارش اوتار ہمپر اور ہمکو چارپایون
اور چارہ چرنیوالے جانورون اور دودہ پینے والے بچون
اور نماز پڑہنے والون بزرگون کے سبب رحم کر ۔ اور امام دوسرے
خطبہ مین قبلہ کیطرف متوجہ ہووے اور یہ دعا پڑہے ۔ یا اللہ تونے
ہمکو دعا کا حکم کیا اور قبول کرنیکا وعدہ فرمایا ہے ہمنے جسطرح
ہمکو حکم تہا دعا کی پس اپنے وعدے کے موافق ہماری دعا قبول کر
بیشک تو اپنا وعدہ خلاف نہین کرتا ۔ یا اللہ بارش کے
نہونے سے طرح طرح کی تکلیف مصیبت دوکہہ مین اس قدر
گرفتار ہین کہ اوسکا اظہار تیرے سوا کسی دوسرے پر ہم نہین
کر سکتے ۔ یا اللہ کہیتون مین ہمارے اناج سرسبز کر ہمارے
جانورون کا دودہ زیادہ کر آسمانون کی برکات سے
ہمپر بارش اوتار اور زمین کی برکات ہمارے لیئے پیدا کر ۔
یا اللہ ہم تجہسے گناہونکی معافی مانگتے ہین آسمان سے بارش
ہمپر اوتار ۔ یا اللہ ہماری دعا قرآن عظیم و نبی کریم کے
طفیل اور اونکی عزت وحرمت کے باعث قبول فرمائیے
کامون سے باز رہنا اور نیکیون کی طرف جانا تیری امداد کے
سوا نہین ہوسکتا ۔

فصل خوف کی نماز تین قسم پر ہے ۔

احدها ان یکون العدو فی غیر جہۃ القبلۃ فیفرقہم الامام فرقتین فرقۃ تقف فی وجہ العدو ویصلی بفرقۃ احدی رکعۃ ثم یتم لنفسہا وتمضی الی وجہ العدو وتجی الطائفۃ الاخری فیصلی بہا رکعۃ ویتم لنفسہا ثم یسلم بہا والثانی ان یکون العدو فی جہۃ القبلۃ ویصفہم الصفین فیحرم بہم ووقف صف الاخری حارسۃ فاذا رفع راسہ سجد لصف الحارس والحقوہ والثالث ان یکون عدو فی شدۃ الخوف والتحام القتال فیصلی کیف امکنہ راجلا او راکبا مستقبل القبلۃ او غیر مستقبل القبلۃ۔

فصل والصلوۃ علی المیت فرض کفایۃ ویقف الامام وراء الجنازۃ عند صدر الرجال وعند عجیزۃ المرأۃ وینوی اصلی علی ہذا المیت فرضا للہ تعالی ویکبر اربع تکبیرات ویرفع فیہا الیدین ویقراء بعد الاولی

ایک صورت یہ ہے کہ دشمن قبلہ کے سوا کسی دوسری جانب مین ہو۔ پس امام اپنی فوج کے دو گروہ کرے ایک گروہ تو دشمنون کے روبرو کھڑا رہے۔ اور ایک حصہ کے ساتھ اکثر رکعت پڑھے۔ اور وہ لوگ جنہون نے امام کے ساتھ ایک رکعت پڑھی ہے اپنی نماز باقیماندہ خود بغیر جماعت کے پڑھکر دشمن کے مقابل جائین اور وہ پہلا گروہ جو کہ دشمنون کے مقابل تھا آکر امام کے ساتھ شریک ہو کر اپنی نماز پوری کرے (اور امام انکی باقیماندہ نماز کے پڑھنے تک بیٹھا رہے) پھر ان کو ساتھ سلام پھیرے۔

اور دوسری صورت یہ ہے کہ دشمن قبلہ کیطرف ہو امام اپنے لشکر کو دو صفین بنا کر نماز شروع کرے اور دوسری صف اپنی فوج کی نگہبانی مین کھڑی رہے۔ پس جب امام سجدہ سے سر اوٹھائے تو نگہبانی کرنے والی صف سجدہ کر کے امام کے ساتھ ملجائے تیسری صورت یہ ہے کہ دشمن کا سخت خوف ہو اور باہم سخت قتال اور کشت و خون ہو تو اس صورت مین جسطرح پیادہ ہو یا سوار قبلہ کیطرف ہو یا نہو نماز ادا کرے **فصل** مردہ کے اوپر نماز پڑھنی فرض کفایہ ہے۔ اور چاہئیے کہ کھڑا ہووے امام میت کے مقابل مردون کے سینہ کے برابر اور عورتون کے کمر کے برابر اور نیت اسطرح کرے۔ کہ مین نماز پڑہتا ہون اس میت پر فرض کر کے اللہ تعالی کے واسطے اور چار تکبیر ین کہے اور ان تکبیرون مین رفع یدین بھی کرے اور پہلی تکبیر کے بعد۔

فاتحۃ الکتاب بعد الثانیۃ صلی علی النبی صلعم
وھی اللّٰھم صل علی محمد وعلی آل محمد کما صلیت
وسلمت الخ وبعد الثالث یدعو للمیت وھی الدعاء
اللّٰھم اغفر لہ وارحمہ وعافہ واعف عنہ و
اکرم نزلہ ووسع مدخلہ واغسلہ بالماء
والثلج والبرد ونقہ من الخطایا کما ینقی الثوب
الابیض من الدنس وابدل لہ دارا خیرا
من دارہ واھلا خیرا من اھلہ وزوجا
خیرا من زوجہ وادخلہ الجنۃ واعذہ
من عذاب القبر وفتنتہ ومن عذاب النار
ویقدم علیہ اللّٰھم اغفر لحینا ومیتنا و
شاھدنا وغائبنا وصغیرنا وکبیرنا
وذکرنا وانثانا وحرنا وعبدنا۔ اللّٰھم
من احییتہ منا فاحیہ علی الاسلام ومن
توفیتہ منا فتوفہ علی الایمان اللّٰھم اغفر لہ
وارحمہ وعافہ واعف عنہ ویقرأ بعد
الرابعۃ اللّٰھم لا تحرمنا اجرھا ولا تفتنا

سورۂ فاتحہ پڑہو اور دوسری تکبیر کے بعد درود پڑہو اور وہ
درود اللّٰھم صل سے آخر تک ہے اور تیسری تکبیر کے بعد میت کے
واسطے یہ دعا اللّٰھم اغفر لہ آخر تک جسکا یہ ترجمہ ہے دا پڑہو کہ یا اللہ
معاف کر اس بندہ کو رحم کر اسپر اس سے درگذر کر اسکو عزت کی
جگہ اوتار اسکی قبر کشادہ کر اسکے گناہ پانی اور برف سے دہو اسکو
گناہوں سے پاک کر جسطرح کہ پاک کیا جاتا ہے سفید کپڑا میل سے
اور اسکے دنیا کے گھر سے اوسکو اچہا گھر اور دنیا کے اہل سے اسکو
اچہے اہل اور دنیا کی بی بی سے اسکو اچہی بی بی عطا فرما جنت مین
اوسکو اوتار قبر کے فتنہ اور عذاب سے اور آگ کے عذاب سے اسکو بچا
اور بچائیے کر اس دعا سے پہلے یہ دعا اللّٰھم اغفر لنا آخر تک پڑہے جسکا
ترجمہ یہ ہے یا اللہ بخشدے ہمارے زندونکو اور ہمارے مردونکو ہمارے
حاضرونکو ہمارے غائبونکو ہمارے چہوٹونکو ہمارے بڑونکو ہمارے مردونکو ہماری
عورتونکو ہمارے آزادونکو ہمارے غلامونکو۔ یا اللہ ہم مسلمانوں مین سے
جسکو تو پیدا کرے اوسکو اسلام پر زندہ رکہہ اور ہم مین سے جسکو مارے تو
اوسکو ایمان پر مار۔ یا اللہ اس مردہ کو معاف کر اور اسپر رحم کر
اسکے گناہوں سے درگذر کر اور چوتہی تکبیر کے بعد اللّٰھم لا تحرمنا
آخر تک جسکا ترجمہ یہ ہے یا اللہ اسکے اجر سے ہمکو محروم نکر اور اسکے بعد
ہمکو کسی فتنہ مین نہ ڈال۔

سے الی قولہ عذاب النار عن عوف بن مالک رواہ مسلم وھذا الدعاء مرفوعا ۱۲ ابو محمد
سے عن ابی ھریرۃ رض قال کان رسول اللہ صلعم اذا صلی علی جنازۃ یقول اللّٰھم اغفر لحینا الحدیث رواہ احمد وابوداؤد و
والنسائی وابن ماجہ والترمذی ۱۲ عفی اللہ عنہ ابو محمد

بعدها واغفر لنا وله وارحمنا معه برحمتك
يا ارحم الراحمين ثم يسلم بتسليمتين واركانها
سبعة النية والتكبيرات الاربع وقراءة الفاتحة
والصلوة على النبي صلعم وادنى الدعاء
للميت وتسليمته الاولى والقيام للقادر و
يسقط الفرض بواحد ويجوز الصلوة على
الغائب من البلد واولى الناس بالصلوة عليه
الاب ثم الجد وان علا ثم ابنه وان سفل ثم
الاخ من الابوين ثم من الاب ثم بنوهما كذا ثم
سائر العصبات بترتيب الولاية ثم ذو الرحم
والقريب اولى من الوالي ولو اجتمع اثنان
في درجة قدم الاسن والحر اولى من العبد
القريب وان وجد عضو مسلم صلي عليه

فصل والسقط الدون اربعة اشهر
يواري بخرقة ويدفن ولاربعة اشهر فاكثر
يجب غسله وتكفينه ويصلي عليه ان استهل
في بطن الامام ولا يغسل الشهيد ولا يصلي

اور ہمکو اور اوسکو بخشدے اسکے ساتھ پھر بھی رحم کر
ہم تیرے رحم اور مہربانی کے ساتھ استغاثہ کرتے ہین
اے ارحم الراحمین پھر ہر دو طرف سلام پھیرے اور اس نماز
جنازہ کے ارکان سات ہین۔ ایک نیت کرنا ہے دوسرا
رکن چار تکبیرین کہنا۔ تیسرا رکن فاتحہ کا پڑھنا۔ چوتھا
رکن درود پڑھنا۔ پانچوان رکن میت کے لئے کیفیت دعا کرنا
چھٹا رکن پہلا سلام پھیرنا۔ اور ساتوان رکن قیام ہے
قادر کیواسطے۔ اور ایک آدمی کی نماز پڑھنے سے بھی
آدمیون کے سرسے یہ فرض ساقط ہوجاتا ہے۔ اور غائب
میت پر جو کہ دوسرے شہر مین مرا ہو۔ جنازہ کی نماز پڑھنی جائز ہے
اور بہتر واسطے پڑھنے نماز جنازہ کے میت کا باپ ہے پھر دادا
اسیطرح پر دادا اوپر تک اگر یہ سب نہو وین تو بیٹا ہے میت کا
اور بیٹا نہو تو پوتا پر پوتا اسیطرح نیچے تک۔ اگر یہ بھی
نہو وین تو بھائی اوسکا جو کہ ماں باپ دونون کی طرف سے ہو اگر وہ
بھی نہو تو باپ کی طرف کا بھائی۔ اگر یہ بھائی بھی نہو وین تو
اونکے بیٹے پھر بعد انکے عصبات ہین ولایت کی ترتیب پر
پھر ذوی الرحم ہین۔ اور میت کا قریبی والی سے بہتر ہے۔ اور اگر
دو شخص درجہ مین برابر ہووین تو بڑی عمر والا مقدم کیا جاوے
اور آزاد ولی غلام قریب سے بہتر ہے۔ اور اگر کسی مسلمان کا
ایک عضو بھی ملے تو بھی اسپر نماز جنازہ پڑھنی چاہیے **فصل** جو
بچہ چار ماہ سے کم مدت کا ماں کے پیٹ سے گر جاوے اوسکو کپڑے مین لپیٹ کر
دفن کیا جاوے۔ اور اگر چار مہینے یا زیادہ مدت کا اسقاط ہوا تو ضروری
ہے اوسکو غسل دینا اور کفن پہنانا۔ اور اگر لڑکا پیٹ مین اپنے

عن ابی سعید الخدری ان النبی صلعم نعی النجاشی فی الیوم الذی مات فیه فخرج الی المصلی فصف بهم وکبر اربعا

علیہ ولو جنبا وھو من مات فی قتال الکفار بای سبب من اسبابہ لا ان مات بعد انقضائہ ویکفن فی ثیابہ الملطخۃ بالدم وینزع الدرع

فصل اقل القبر حفرۃ تکتم الرائحۃ وتمنع السباع ویندب توسیعہ وتعمیقہ قامۃ وبسطۃ ویدخل القبر الرجل واولٰھم بہ اولٰھم بالصلوۃ علیہ والزوج اولی من غیرہ ویحرم نقلہ الی بلد اخری الا ان یکون بقرب مکۃ اومدینۃ اوبیت المقدس ولو وصی بہ لم تنفذ وصیتہ وینبش بعد دفنہ للنقل وغیرہ حرام الا للضرورۃ فان کان دفن بلا غسل اوغیر جھۃ القبلۃ ولم یتغیر اووقع فیہ مال اوفی ارض مغصوبۃ اوثوب مغصوب لا ان دفن بلا کفن ویکرہ الجلوس علیہا

فصل والتعزیۃ مستحب ویقول فی تعزیۃ المسلم اَعْظَمَ اللّٰہُ اَجْرَکَ وَاَحْسَنَ عَزَاءَکَ وَغَفَرَ لِمَیِّتِکَ وفی تعزیۃ الکافر اَعْظَمَ اللّٰہُ

اگرچہ وہ جنب کی حالت مین ہی شہید ہوا ہو۔ اور شہید وہ شخص ہے کہ کافرونکی جنگ مین لڑائی کے اسبابون سے کسی سبب سے مارا جاے۔ اور اگر لڑائی کے بعد مرے تو وہ شہید نہین۔ شہید کو اوسکے خون آلودہ کپڑون مین ہی دفن کیا جاے ہان اگر اوسکے بدن پر زرع ہو تو اوسکو اوتارا جاے۔ **فصل** قبر کم سے کم اتنی ضرور ہونی چاہیے کہ اوس سے بو باہر نہ آئے۔ اور درندے مردہ کو نکال نہ سکین۔ اور قبر کو ہاتھ کے برابر کشادہ رکھنا۔ اور آدمی کے قد کے برابر عمیق کرنا مستحب ہے۔ اور قبر مین میت کے رکھنے کے لئے مرد داخل ہووے۔ اور مردون مین سب سے بہتر وہی ہے جو کہ میت پر نماز پڑہنے مین بہتر ہے۔ اور عورت کو قبر مین اوتارنے کیلئے اوسکا خاوند زیادہ مناسب ہے دوسرے لوگون سے میت کو ایک شہر سے دوسرے شہر کیطرف دفن کرنیکے واسطے لیجانا حرام ہے (یعنی جہان مرا وہان ہی دفن کیا جاے) ہان اگر مکہ مکرمہ یا مدینہ منورہ یا بیت المقدس کے قریب ہو تو اوسکو مواضع مذکورہ مین لاکر دفن کرنا درست ہے اور مردہ نے قبل از مرگ دوسرے شہر مین لاش لیجانیکی وصیت کی ہو جب بھی مانی جاے۔ اسیطرح بعد دفن کے قبر سے لاش کو نکال کر دوسری جگہ لیجانا یا کسی دوسرے سبب سے قبر کو کھودنا حرام ہی ہے۔ لیکن اگر کوئی سخت ضرورت ہو مثلاً غسل کے بغیر دفن کیا گیا ہو یا قبلہ کی جہت کے برخلاف دفن ہوا ہو اور بدن اوسکا سڑا نہو۔ یا قبر مین کچھ مال رہگیا ہو یا مغصوب زمین مین یا مغصوب کپڑے مین دفن کیا گیا ہو تو ان صورتون مین قبر کا کھودنا جائز ہے۔ اور بغیر کفن کے دفن ہوا ہو تو قبر نہ کھودی جاے اور قبر کے اوپر بیٹھنا مکروہ ہے **فصل** تعزیت کرنا مستحب ہے مسلمان کی تعزیت مین یہ کہے کہ اللہ تعالے تجکو بڑا اجر دیوے اور تیرے اس غم کو اچھی چیز کے ساتھ بدلے اور تیری میت کو بخشے۔ اور کافر کی تعزیت مین اسطرح کہے اللہ تجکو بڑا

۱؎ ویکرہ ایضاً التجصیص ... قال بعضہم من ضیع ... ربما علیہ والطاہر ... لاضعف لانہ ... ۱۲ تحفۃ المنہاج ابو محمد عفی عنہ

أَجْرَكَ وَصَبَّرَكَ ويستحب لجيران اهل الميت
تهيئة الطعام ولشبعهم يومهم وليلتهم و
الالحاح عليهم في الاكل والشرب ويحرم
تهيئة الطعام للنائحات ويكره لبعضهم
من المسلمين ويكره للاغنياء -

فصل ويحرم للرجل لبس الحرير والذهب
ويحل بالفضة الخاتم قدر مثقال ويحل للنساء
لبس انواع الحلى من الذهب والفضة و
ما نسج بهما ولا يجوز لها ما فيه اسراف كالخلخال
وزنه مائتا مثقال وللرجل تحلية المصحف
بالفضة وللمرأة بهما وقليل الذهب وكثيره
سواء ويحل للرجل من الدر واليافوت
والجواهر وان كان بعض الثوب ابريسما
وبعضه كتانا جاز لبسه اذا لم يكن الابريسم
غالبا ويحرم من الذهب والفضة استعمالا
واتخاذا الا المموه -

فصل تجب الزكوة في خمسة اشياء

اجر دیوے اور تمکو صبر دیوے۔ اور اہل میت کے ہمسایونکو
چاہیے کہ اونکو ایکدن رات کھانا پکا کر اچھی طرح پیٹ بھر کر
کھلائین۔ بہت کوشش سے منت کرکے اونکو کھلائین
پلائین۔ اور نائحہ کرنیوالی عورتونکو کھانا کھلانا حرام ہے
اور مسلمانونکو خاصکر غنیونکو میت کے گھر سے اسدن طعام
کھانا مکروہ ہے۔

فصل مرد کو ریشمی کپڑا اور سونا پہننا حرام ہے
اور چاندی کی انگوٹھی بقدر ایک مثقال کے مرد کو پہننی جائز ہے
اور عورتونکو سونے چاندیکا زیور اور جو کچھ سونے چاندی کے ساتھ بنایا
کپڑا وغیرہ سب درست ہے۔ لیکن عورتون کے لئے جس زیور مین
اسراف ہو جیسے خلخال جسکا وزن دو سو مثقال ہو جائز نہین
اور مرد کے لئے قرآن شریف کو چاندی سے آراستہ کرنا اور
عورت کو سونے اور چاندی دونون کے ساتھ مطلا کرنا جائز ہے
اور تھوڑا سونا یا بہت سونا برابر ہے۔ اور مرد کو موتی اور
یاقوت اور سب قسم کے جواہرات استعمال کرنی جائز ہیں۔ اور اگر
ایسا کپڑا ہو کہ بعض اوسمین ریشم ہو اور بعض اوسکا کتان کہ
ایک قسم کی گھاس ہوتی ہے تو مرد کو درست ہے جبتک ریشم کا
اوسمین غلبہ نہو۔ اور حرام ہین سونے چاندی کے برتن استعمال کرنے
اور بغیر استعمال کے بھی بنا کر رکھنے۔ لیکن ملمع کیا ہوا ہو حرام نہین ہے

فصل زکوۃ پانچ چیزون مین واجب ہے۔

له وامّا اصلاح اهل البيت طعاما وجمع الناس عليه فلم ينقل فيه شيء وهو بدعة غير مستحبة ١٢ مجمع البحار شرح منهاج ومن التخفيف ربما عمله من جعل اهل البيت طعاما والدعوا الناس عليه بدعة مكروهة كما جاء ما تهم اذ ذلك ١٢ متن عفا الله عنه

احدها المواشي والاثمان والزروع و
الاثمار وعروض التجارة فاما المواشي
فيجب الزكوة في ثلثة اجناس منها الابل
والبقر والغنم وشرائط وجوب الزكوة
فيها ست خصال الاسلام والحرية وملك
التام والنصاب والحول والسوم واما
الاثمان فشيئان الذهب والفضة واما
الزرع فيجب الزكوة فيها بثلثة شرائط ان
يكون مما يزرعه الادميون وان يكون
مدخرًا والنصاب واما الثمار فيجب الزكوة
في شيئين منها ثمرة النخل وثمرة الكرم
وشرائط وجوب زكوة الثمر والكرم
اربعة خصال الاسلام والحرية والملك
التام والنصاب واما عروض التجارة
فيجب الزكوة فيها بشرائط المذكورة ونصاب
الابل خمس ولا زكوة في الابل حتى تبلغ
خمسًا ففيها شاة وفي عشر شاتان وفي خمسة عشر

ایک اونمین سے مویشی ہین - دوسرے نقدیات ہین تیسرے
کھیتیان - چوتھے میوے ہین - پانچوین تجارت کا مال ہے
مویشی کی تو تین جنسون مین زکوۃ واجب ہے ایک اونمین سے
اونٹ ہین - دوسرے گائے بیل اور اونمین بھینس بھی داخل ہے
تیسرے بھیڑ بکریان - انمین زکوۃ واجب ہونیکی چھ شرطین
ہین - اسلام آزادگی پوری طرح مالک ہونا نصاب ہے
یعنے لائق زکوۃ کے ہونا - ایک برس کا پورا ہونا - آخر اونکا چرنا
اور جو کہ نقدیات ہین پس وہ دو ہی چیزین ہین - سونا اور
چاندی (مضروب ہون یا غیر مضروب) - اور زراعت مین تین
شرطونکے ساتھ زکوۃ واجب ہوتی ہے - ایک یہ کہ چیز مزروعہ اوس
قسم سے ہووے کہ جسکو آدمی بوتے ہین - دوسرے یہ کہ
مدخر ہو یعنی قابل رکھنے کے ہو - تیسرے یہ کہ نصاب پورا ہو
کم از نصاب نہو - اور میوے کی دو قسمو نمین زکوۃ واجب ہے
ایک کھجور - دویم انگور - کھجور اور انگور مین زکوۃ واجب
کرنیوالی چار شرطین ہین ۱ اسلام ۲ آزادی ۳ ملک تمام
۴ نصاب - اور جو کہ تجارت کی اسباب و اموال ہین اونمین
بھی شرائط مذکورہ کے ساتھ زکوۃ واجب ہوتی ہے -
اور اونٹونکا نصاب پانچ عدد ہیں (یعنی اونٹونکی تعداد پانچ کو
پہنچی تو اونمین زکوۃ لازم ہوتی ہے - اگر کم ہو وین تو زکوۃ
لازم نہین) پانچ اونٹون مین زکوۃ ایک بکری ہے
اور دس کی زکوۃ دو بکریان - اور پندرہ مین تین بکریان

ف نعم جمع النعم ... بقال للمذکر ... بالنعم ... والمؤنث ... سب ... بحیر ... ۱۲ ... علی ... ۱۲

ثلث شیاہ وفی عشرین اربع شاۃ وفی
خمس وعشرین بنت مخاض وفی ست وثلثین
بنت لبون وفی ست واربعین حقۃ وفی احدی
وستین جذعۃ وفی ست وسبعین بنتا لبون
وفی احدی وتسعین حقتان وفی مائۃ
واحدی وعشرین ثلث بنات لبون ثم فی
کل خمسین حقۃ۔

فصل اوّل نصاب البقر ثلثون ففیها
تبیع وفی اربعین مسنۃ فاذا بلغت ستین
ففیها تبیعان واذا بلغت سبعین ففیها
مسنۃ وتبیع واذا بلغت ثمانین ففیها
مسنتان واذا بلغت تسعین ففیها ثلث
اتبعۃ وفی کل مائۃ تبیعان ومسنۃ وفی مائۃ
وعشر مسنتان وتبیع وفی مائۃ وعشرین ثلثۃ
مسنۃ او اربعۃ اتبعۃ والمسنۃ التی لها
سنتان والتبیع له سنۃ وحکم الجوامیس
کحکم البقرۃ وکذلک الضأن والمعز فیه

اور بیس ہین چار بکریان۔ اور پچیس۲۵ اونٹ مین ایک بنت
مخاض یعنی ایک سالہ اونٹنی مادہ۔ اور چھتیس۳۶ مین ایک بنت
لبون یعنی دو سالہ اونٹنی۔ اور چھیالیس۴۶ مین ایک حقہ
یعنی سہ سالہ اونٹ اور اکسٹھ۶۱ مین جذعہ یعنی چار سالہ اونٹ
اور چھہتر۷۶ مین دو بنت لبون یعنی دو دو سالہ اونٹنیان
اور اکیانوے۹۱ مین دو حقہ یعنی دو سہ سالہ اونٹ اور
ایکسو اکیس مین تین بنت لبون ہین پھر ہر ایک پچاس مین
ایک حقہ ہے۔

فصل گاے بیلون کا پہلا نصاب تیس عدد ہے۔ تیس مین
ایک تبیعہ ہے یعنی ایک۔ ایک سالہ بچھڑا۔ اور چالیس مین ایک
دو سالہ بچھڑی۔ اور جب ساٹھ۶۰ ہو جائین تو اونمین ایک ایک
سال کے دو بچھڑے ہین۔ اور جب ستر کو پہنچ جائین تو
انمین ایک ایک سالہ بچھڑا اور ایک دو سالہ بچھڑی ہے اور جب
اسّی ہو جائین تو اونمین دو دو سالہ بچھڑیان ہین۔ اور جب نوے
کی تعداد کو پہنچ جائین تو اونمین تین بچھڑے ہین ایک ایک سال کے
اور ایکسو دس۱۱۰ مین دو بچھڑیان دو سالہ اور ایک بچھڑا ایک سالہ
اور ایکسو بیس۱۲۰ مین تین دو سالہ بچھڑیان۔ یا چار بچھڑے ایک
سالہ۔ مسنۃ وہ بچھڑا ہے جسکی دو سال کی عمر ہو۔ اور تبیع وہ بچھڑا ہے
جسکی ایک سال کی عمر ہو۔ اور بھینسون کا حکم بھی اسیطرح ہے
جیسا کہ ہمنے گایون کے بارے مین ذکر کیا ہے اور
اسیطرح بکریان اور بھیڑین زکوٰۃ مین برابر ہین۔

سواء وعلی هذا القیاس فی کل ثلثین تبیع وفی کل اربعین مسنة۔

فصل ونصاب الغنم اربعون فیها شاة جذعة من الضأن او ثنیة من المعز وفی مائة واحدی وعشرین شاتان وفی مائتین وواحدة ثلث شیاه وفی کل مائة شاة۔

فصل والخلیطان یزکیان زکوة الواحد بسبع شرائط ان یکون المراح واحدًا والمسرح واحدا والراعی واحدًا والفحل واحدًا وموضع الحلب واحدًا والحالب واحدًا وموضع الشرب واحدًا ونیة الخلیطة سنة فی الحول۔

فصل ونصاب الذهب عشرون مثقالًا وفیه ربع العشر وهی نصف مثقال وما زاد فبحسابه ونصاب الورق مائتا درهم وفیه ربع العشر وخمسة دراهم وان نقص منه

جسطرح بکریون کا اول نصاب چالیس ہے اسیطرح بہیڑون کا پہلا نصاب بہی چالیس ہے۔ گائین بیل جب تیس سے زیادہ ہوجائین تو ہرتیس مین ایک ایک سالہ بچھڑا۔ اور ہر چالیس مین ایک دوسالہ بچھڑی ہے۔

فصل اور بھیڑون مین نصاب اول چالیس عدد ہے۔ جب چالیس ہوجائین تو اونمین ایک مینڈہا ہے چھہ ماہ کا یا ثنیہ یعنے ایک ایک سالہ بکری بکریون سے۔ اور ایکسو اکیس مین دو بکریان ہین اور دوسو ایک مین تین بکریان ہین انکے بعد ہر ایک سو مین ایک بکری ہے۔

فصل اور دو گلّے ملی ہوئی گلّون سے ایک گلہ کی زکوة دیجا سانتہ سات شرطون کے۔ ایک یہ کہ اونکے باندہنے کی جگہ ایک ہی ہو دوسرے یہ کہ اونکے چرنیکی جگہ ایک ہی ہو تیسرے یہ کہ اون کا چرواہا ایک ہی ہو۔ چوتھے یہ کہ دونون گلون کی نر ایک ہی ہو۔ پانچوین یہ کہ دودہ دوہنے والا ایک ہی ہو چھٹے یہ کہ دودہ دوہنی کی جگہ ایک ہی ہو۔ ساتوین یہ کہ پانی پینے کی جگہ ایک ہی ہو۔ اور دو گلے شریک کرنیمین سال کے اندر نیت کرنی مسنون ہے۔

فصل سونیکا نصاب بیس مثقال ہے۔ اور اسمین زکوة ربع عشر یعنی آدہی مثقال ہے اور جو زیادہ ہو تو اسی حساب سے نکالی جاے۔

اور چاندی کا نصاب دوسو درہم ہے اور اسمین زکوة ربع عشر یعنے پانچ درہم ہین۔ اگر دوسو درہم سے

لم تجب وفیما زاد فبحسابہ ذلك ولا یجب
الزکوۃ فی الحلی المباح ونصاب الثمار
والزروع خمسۃ اوسق کالرطب والعنب
والحنطۃ والشعیر والارز والعدس فنصابہ
عشرۃ اوسق بعد الجفاف والتنقیۃ والوسق
ستون صاعًا وقدرھا الف ستمائۃ رطل
بالعراق وما زاد فبحسابہ ویجب الزکوۃ فیما
یسقی بماء السماء او التسیح او القنوات العشر
او یشرب بعروقہ العشر وفیما یسقی بالنضح
او لشری ففیہ نصف العشر۔

فصل ویقوم عروض التجارۃ عند الحول
بما اشتریت بہ ویخرج من ذلك ربع العشر
اذا بلغ النصاب وما یستخرج من المعادن
من الذھب والفضۃ یخرج منہ ربع العشر
فی الحال وما یوجد من الرکاز علی ضرب
الجاھلیۃ اذا کان نصابا ففیہ الخمس فی الحال

فصل ویجب الفطر بثلثۃ اشیاء الاسلام

اور جو زیادہ ہو تو حساب مذکور کے ساتھ زکوۃ نکالی جاے
اور مباح زیور مین زکوۃ واجب نہین۔ اور میوون کا
اور زراعت کا نصاب اول پانچ وسق ہے۔ اور وہ میوے
اور اناج یہ ہین کھجورین۔ انگور۔ گیہون جو۔
چانول۔ مسور۔ پس انکی زکوۃ بعد صاف اور خشک کرنیکے
دسوان وسق ہے۔ اور وسق کے ساٹھ صاع ہوتے ہیں
جسکا وزن عراقی رطل کے ساتھ ایکہزار چھ سوہے اور
جو غلہ زیادہ ہو ونش وسق سے بیس چالیس اتنک
تو اوسمین یہی حساب مذکور کے ساتھ دسوان وسق دینا چاہیے
اور زکوۃ اوس اناج مین واجب ہوتی ہے جو کہ بارش
یا ندی کے پانی سے پرورش پاے اسمین دسوان حصہ زکوۃ
لازم ہے۔ اور جو کہ ڈول سے یا خرید کر قیمت سے پانی پلایا جاے
اوسمین نصف عشر یعنی بیسوان حصہ ہے۔ **فصل** تجارت کے
مال کی برس کے سرے پر قیمت کی جاے جسپر کہ خریدا تھا اور اوس سے
ربع عشر زکوۃ نکالی جاے جبکہ نصاب پورا ہو (اگر نصاب ناتمام ہے
تو اوسمین زکوۃ نہین)۔ اور جو کھانون سے چاندی اور سونا
نکالا جاتا ہے۔ اوس سے اوسیوقت ربع عشر زکوۃ نکالی جاے
(یعنے برس تمام ہونا اوس مال پر شرط نہین) اور جو
دفینہ جاہلیت کی ضرب جاہلیت کے سکے برامد ہووین اور
نصاب کی حد کو بھی پہنچ جائین تو اون سے پانچوان
حصہ زکوۃ اوسیوقت دینی چاہیئے۔

فصل اور واجب ہوتا ہے صدقہ عید فطر کا
تین چیزون سے

وغروب الشمس من اٰخر شہر رمضان ووجود الفضل عن قوتہ وقوت عیالہ فی یومہ ولیلتہ ویزکی عن نفسہ وعمن تلزمہ نفقتہ من المسلمین صاعًا من قوت بلدہ وقدرہ خمسۃ ارطال وثلث رطل بالعراقی ویخرج السید الفطرۃ من العبد المنقطع الخبرۃ فی الحال فلو اعسر الزوج اوکان عبدًا فعلی الحرۃ فطرۃ نفسہا وعلی السید فطرۃ الامۃ ومن بعضہ حر وجب علیہ قسطہ ومن ایسر ببعض صاع لزمہ اخراجہ وان وجد ما یخرج عن البعض قدم نفسہ ثم زوجتہ ثم ولدہ الصغیر ثم الاب ثم الام ثم ولدہ الکبیر ولو اخرج عن نفسہ من قوتہ الغالب وعن قریبہ من الاعلی جاز ولا یجوز تبعیض الصاع۔

نفی تبعیضہ من الشعیر وبعضہ من الحنطۃ ١٢

فصل یجب دفع الزکوٰۃ الی ثمانیۃ اصناف الذین ذکرہم اللہ تعالیٰ فی القراٰن اِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسَاکِیْنِ وَالْعَامِلِیْنَ

ایک اسلام اہم

دوئم یوم رمضان کے آخری دن کا سورج غروب ہونا۔ سیوم اپنے اور اپنے عیال کی رات دن کی قوت سے زیادہ مال ہونا۔ اور دیوے صدقہ فطر کا اپنے نفس سے اور اوس آدمی کا بہی جسکا مسلمانون مین سے اوسپر نفقہ واجب ہے۔ اور اندازہ اوس صدقہ کا ایک صاع ہی جسکا وزن عراقی حساب سی پانچ رطل اور ثلث رطل ہے۔ اور مالک اپنے اوس غلام سے بہی صدقہ فطر نکالے جو کہ فی الحال منقطع الخبر ہے (یعنی فی الحال کہین چلا گیا ہے اور اوسکی خبر معلوم نہین) اور اگر ایک مدت سے غائب ہے تو اوسکا صدقہ اوسپر نہین ہے) اگر خاوند تنگدست ہووی یا غلام ہووی تو آزاد عورت اپنا صدقہ فطر اپنے پاس سے ادا کرے۔ اور مالک اپنی لونڈیکا صدقہ دیوی۔ اور جو غلام کہ بعض آزاد ہی اوسپر اوتنا ہی حصہ فطر کا واجب ہی۔ اور جسکے پاس صدقہ پورا صاع نہین کم ہے۔ تو یہ شخص اوتنا ہی دیوے۔ اور اگر اوتنا ہی مال اوسکے پاس ہے کہ بعض کا صدقہ ادا کرسکتا ہی لیکن باقی توابع کا صدقہ اوسکے پاس نہین تو مقدم کرے اپنے نفس کو یعنے اول اپنا صدقہ دیوے۔ پہر اگر زیادہ ہے تو عورت کا پہر چہوٹے بچے کا۔ پہر باپ کا۔ پہر ماں کا پہر اپنے بڑے بیٹے کا دیوے۔ اور اگر اپنا صدقہ اور اپنے اعلے رشتہ دارون کا غالب قوت سے نکالا تو درست ہے اور تبعیض الصاع۔ یعنے نیم صاع گیہون اور نیم صاع جو۔ درست نہین

فصل

اور واجب ہے دینا زکوٰۃ کا اون آٹہ فرقون کو جنکا اللہ تعالیٰ نے قرآن مین ذکر کیا ہے کہ زکوٰۃ جو ہے سو حق ہے مفلسونکا اور محتاجون کا اور اوس کام پر جانے والون کا

عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوبُهُمْ وَفِي الرِّقَابِ وَ
الْغَارِمِينَ وَفِي سَبِيلِ اللهِ وَابْنِ السَّبِيلِ
فَرِيضَةً مِّنَ اللهِ وَاللهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ولا ينقص
على اقل من ثلثة من كل صنف - وخمسة لا يجوز
دفعها اليهم احدها الغنى بمال او كسب
والثانى العبد والثالث بنو هاشم و
بنو عبد المطلب والرابع من تلزمه نفقته
لا يدفع اليهم بسبب الفقراء والخامس
الكافر - ولا يجوز تعجيل الزكوة على ملك
النصاب ويجوز قبل الحول ولا عن عامين
ويجوز تعجيل الفطر من اول رمضان لا قبله

فصل تجب صوم رمضان باستكمال
شعبان ثلثين يومًا او برؤية عدل الهلال
لا برؤية عبد ولو عدلا وامراة ولو رأى
الفاسق لزمه الصوم واذا شهد واحد
عند الحاكم فى هلال رمضان جاز عدلا
رؤية هلال شوال فانه يثبت بشهادة

اور جنکا دل اسلام کیطرف مائل کرنا ہے -
اور گردن آزاد کرنے مین اور جو تاوان بھرین اور اللہ کی
راہ مین - اور راہ کے مسافر کو ٹھراویا ہے اللہ کا اور اللہ سب
جانتا ہے حکمت والا - اور اصناف مذکورہ مین سے تین قسمون
سے کم پر اقتصار نکرے یعنی زکوۃ دینے والے کو چاہئیے کہ آٹھ
صنفون کو زکوۃ دیوے اور اگر سبکو کسی وجہ سے دے نہین سکتا
تو تین کو ہر صنف کے ضرور ہی دیوے - اور پانچ شخصونکو زکوۃ
دینی جائز نہین - ایک وہ جو کہ غنی ہو مال سے یا کسب سے - دوسرا
غلام ہے - تیسرے بنی ہاشم اور بنی عبد المطلب ہین - چوتھا
وہ آدمی جسکا نفقہ زکوۃ دینے والے پر لازم ہو - پانچوان کافر
ہے - انکو زکوۃ نہ دینی چاہئیے - اور جائز نہین نصاب پر
مالک ہونے سے پہلے زکوۃ دینی - اور برس تمام ہونے سے
پہلے دینی بھی جائز نہین[1] - ہان صدقہ فطر اول رمضان مین ادا
ہو سکتا ہے اور رمضان سے پہلے کوئی دیوے تو درست نہین -

فصل شعبان کے تیس دن پوری کرنے سے یا ایک عادل کے
چاند دیکھنے سے رمضان کے روزے واجب ہوجاتے ہین اور غلام
چاند دیکھنے سے اگرچہ عادل ہو اور عورت کے چاند دیکھنے سے روزے
واجب نہین ہوتے - اور فاسق نے چاند دیکھا تو اور ونپر روزے
واجب نہین ہوتے لیکن اوسپر واجب ہوجاتے ہین - اور اگر ایک آدمی
حاکم کے پاس رمضان کے ہلال کی گواہی دیوے تو قبول کیجاوے
جبکہ وہ عادل ہووے جیسا کہ مذکور ہو چکا ہے - اور شوال کے
ہلال کے دو شاہد آزاد گواہی دیوین تو انکی گواہی ثابت
ہو گی -

شاهدين حرين دون عبدين واذا رئ
ببلدة لزم حكمه دون مسافة القصر ومن
سافر من بلدة الرؤية الى بلدة بعيدة لم ير فيه
بوافقهم فى الصوم او بالعكس بعيد معهم
و قضا يوما ان صام ثمانية و عشرين

فصل وشروط وجوب الصوم ثلثة
الاسلام والبلوغ والعقل وفرض الصوم
خمسة النية بها هى فرض ولا يضر الاكل و
الشرب والجماع بعدها ولا يجب التجديد
والثانى الامساك عن الاكل والشرب و
الجماع وتعمد القئ فى اليوم ـ

فصل والذى يفطر الصوم عشرة
اشياء احدها ما اوصل الى الجوف عمدا
او الحقنة من احدى السبيلين والوطى عمدا
وانزال المنى بالمباشرة والحيض والنفاس
والولادة والردة والجنون ويبطل الصوم
بالتقطير فى باطن الاذن والاحليل و نفطر

اور جب کسی شہر مین چاند دیکھا گیا تو اوسکا حکم اون سب جگہون
مین جو مسافت قصر کے اندر ہین لازم ہوا۔ اور جسنے اوس
شہر سے سفر کیا جسمین چاند نظر آیا تہا کسی دور شہر مین جہان
چاند دیکہا نہین گیا تو یہ شخص اونکی (جنمین آ اوترا ہی) موافقت
کرے روزہ رکہنے مین یا بالعکس اونکی عید کے ساتھہ یہ بھی
عید کرلیوے ۔ لیکن اوسکے اگر اٹہائیس روزے ہوئے ہین تو
یہ ایک روزے کی قضا کرے ۔

فصل روزہ واجب ہونیکی تین شرطین ہین ایک اسلام
دوسرے بلوغیت تیسرے شرط عقل ۔ (پس کافر نا بالغ ۔ مجنون
دیوانہ پر روزہ واجب نہین ۔) اور روزے کے پانچ فرض
ہین ۔ ایک فرض نیت ہے اور نیت کے بعد کہانا پینا جماع مضر نہین
اور اس نیت کی تجدید واجب نہین (یعنے رات کیوقت نیت کرلی
کہ کل صبح روزہ ہے تو صبح تک کہانا پینا وغیرہ امور نیت کو فسخ
نہین کرسکتے) دوسرا فرض امساک یعنی صبح سے لیکر مغرب تک
کہانے پینے جماع ۔ تعمد قے سے بند رہنا ۔

فصل روزہ کو توڑنیوالی دس چیزین ہین ۔ ایک وہ ہے
کہ پیٹ مین جان بوجہکر کوئی چیز پہنچائی جائے ۔ یا اگلے پچھلے راستے
سے حقنہ کرے اور تیسرے وطی یعنی جماع ہے جو کہ عمدا کیا جائے چوتھی انزال منی
ہے جو جماع کر نیسے نکلے ۔ اور پانچوین توڑنیوالی چیز حیض ہے ۔ اور چھٹے
توڑنیوالی چیز نفاس ہے اور ساتوین ولادت یعنی بچہ کا پیدا ہونا
آٹھوین روزہ توڑنیوالی مرتد ہوجانا دین سے پہر کر کافر ہوجانا نوین چیز
جنون ہے اور کان یا آلت کے سوراخ مین کوئی روغن وغیرہ
ٹپکا کر اندر پہنچ جاے تو روزہ جاتا رہتا ہے ۔

بالوصول الى باطن الدماغ والبطن ولا امعاء والمثانة بالاستعاط والاكل ولا يفطر الصوم بالاكتحال وان وجد طعمه ولا بشرب السام ووصول غبار الطريق وغربلة الدقيق والذباب الى باطنه و يُعْذَرُ بابتلاع ريقه من معدنه فلو خرج عن الفم ثم رده وابتلع ريقه افطر او بل الخيط بريقه ورده الى فمه وعليه رطوبة ينفصل وابتلع ريقه افطر ولا باس بالفصد والحجامة ولو اصبح المسافر والمريض صائمين فلهما الفطر الا ان قام المسافر وشفي المريض ويجب القضاء عليهما وعلى الحائض والنفساء

فصل يجب الامساك على من تعدى بالفطر او نسي النية ولا يجب الامساك على المسافر والمريض والحائض والنفساء و امساك بقية النهار من خواص رمضان فلا امساك على من تعدى يوم النذر والقضاء

دسوین چیز روزہ توڑنے والی وہ ہے کہ دماغ کے اندر پیٹ مین مثانہ امعا مین سعوط کے طور پر یا کہانیکے طور پر پہنچ جاے۔ تو روزہ ٹوٹ جاتا ہے (اس سے معلوم ہوا انسوار کہینچنے اور حقہ پینے سے روزہ جاتا رہتا ہے) ہان سرمہ لگانیسے اگرچہ اوسکا طعمہ بہی محسوس ہو۔ اور بدن پر تیل لگنے سے اور رستہ کے غبار اور آٹے کے غبار اور مکہی کے منہ مین گہس جانیسے روزہ نہین جاتا۔ اور منہ کے اندر تہوک پہنچانے سے معذور ہوسکتا ہے لیکن جب منہ سے تہوک باہر نکلے اور اوسکو پہر نگل جاے تو روزہ جاتا رہتا ہے۔ یا اپنے تہوک کے ساتھ دہاگا تر کرکے اپنے منہ مین ڈالے اور اتنی رطوبت اوسپر ہو کہ نچوڑنے سے جدا ہوسکتی ہے۔ تو اوسنے اوس رطوبت کو چوس لیا ان سب صورتون مین روزہ جاتا رہتا ہے۔ اور فصد اور پچہنے لگانیسے روزہ نہین جاتا۔ اور اگر مسافر اور مریض نے روزہ کی حالت مین صبح کی پس واسطے اونکے افطار درست ہے، اور مسافر جب قیام کرے یا مریض صحت پاے تو اونکو افطار کرنا جائز نہین۔ سفر۔ مرض۔ حیض۔ نفاس کی حالتین جو روزے نہین رکہے ہین پہر اونکی قضا واجب ہے۔

فصل جو شخص سرکش ہوکر روزہ رمضان کا توڑ ڈالے یا روزہ کی نیت بہول جاے اوسکو کہانے پینے وغیرہ چیزونسے باقی دن بند رہنا چاہئیے واسطے حرمت ماہ رمضان کے۔ اور قضا یا نذر کا روزہ کسی نے توڑ دیا تو اوسکو بند رہنا واجب نہین اور نہ بند رہنا باقی دن کا مسافر۔ مریض حیض نفاس والی کو نہین کہا ہے

[illegible]

وتسن تعجيل الفطر على تمر ثم من ماء وسن
تاخير السحور ما لم يقع في الشك ويجب صون اللسان
عن الكذب والغيبة وترك الكلام الفحش و
يستحب الغسل من الجنابة قبل الفجر والاحتراز
عن الحجامة والقبلة وذوق الطعام والعلك
ويستحب ان يقرأ هذا الدعاء بعد النية اَللّٰهُ
لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ الْقَائِمُ عَلٰى كُلِّ
نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ ويستحب ان يقول عند فطر الصوم
اَللّٰهُمَّ لَكَ صُمْتُ وَعَلٰى رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ
ولا يجوز الصيام خمسة ايام من السنة العيدين
وايام التشريق - ويكره الصوم يوم الشك

فصل يجب الكفارة بافساد صوم يوم
من رمضان بجماع تام ومن وطي في الفرج
عامدا فعليه القضاء مع الكفارة والكفارة
عتق رقبة مومنة سليمة من العيوب المضرة
فان لم يجد فصيام شهرين متتابعين فان لم
يستطع فاطعام ستين مسكينا فان عجز

اور مسنون ہے جلدی افطار کرنا روزے کا کھجور پر پھر پانی پر
اور سحری کھانے میں تاخیر کرنی جبتک وقوع صبح کا شک نہو اور
واجب ہے بچانا روزے مین زبان کو کذب وغیبت وفحش باتوں سے
اور مستحب ہے فجر سے پہلے ہی جنابت کا غسل کر لینا۔ اور مستحب ہے
بچنا طعام کے چکھنے اور پچھنے لگانے اور بوسہ لینے سے اور
گوند چابنے سے اور مستحب ہے پڑہنا اس دعا کا بعد نیت کے
اللہ سے کسبت تک جسکا یہ ترجمہ ہے کہ اللہ کے سوائے
عبادت کے لائق کوئی نہین۔ وہی زندہ قیوم خبر گیر ہر
نفس کا ہے۔ اور روزہ افطار کرتے وقت اللھم لک
صمت سے آخر تک پڑھے اسکا ترجمہ یہ ہے۔ کہ یا اللہ خاص
تیرے ہی واسطے روزہ رکھا ہے لیئے تیرے رزق پر افطار
کرتا ہون۔ اور سال بہر مین پانچ دن روزہ رکہنا منع ہے
دو روزے دو عیدون کے۔ اور تین روز قربانی کے اور شک کے
روز روزہ رکہنا مکروہ ہے۔

فصل واجب ہوتا ہے کفارہ ساتھ توڑ نے روزے رمضان کے
تمام جماع سے (یعنے حشفہ غائب ہونے سے جو کہ تام جماع ہے روزہ جاتا
رہتا ہے۔ اور جماع کرنیوالیکو کفارہ دینا لازم آتا ہے۔) اور جسنے
جان بوجھکر فرج مین جماع کیا اوسپر قضا اور کفارہ دونون
لازم ہین۔ اور کفارہ آزاد کرنا ہے ایک غلام یا لونڈی
مسلمان کا جو کہ عیوب مضرہ سے سلیم ہوئے۔ اگر یہ نہو سکے
اوس سے تو دو مہینے پے درپے روزے رکھے اگر یہ بہی
نہ کر سکے تو ساٹھ مسکینونکو کھانا کھلاوے اگر اس سے بہی عاجز ہووے
تو یہ اسکے اوپر قرض ہے جب قدرت ہو ادا کرے اور جو مر گیا

استقرت في ذمته ومن مات وعليه من
الصيام اخرج عنه لكل يوم مدًا وللشيخ
اذا عجز من الصوم يفطر ويطعم عن كل يوم
مدًا والحامل والمرضع اذا خافتا على نفسهما
افطرتا وعليهما القضاء بلا فدية وان خافتا
على ولديهما افطرتا وعليهما القضاء والفدية
والكفارة لكل يوم مد۔ والمريض و
المسافر سفرا طويلا يفطران ويقضيان۔

فصل من فاته صوم يوم من رمضان
او نذر او كفارة فمات قبل امكان
القضاء فلا تدارك ولا اثم وان مات بعد
التمكن اخرج من تركته لكل يوم مدًا من
طعام ولو مات قبل الامكان وعليه صلوة
او اعتكاف فلا فدية ولا اثم۔

فصل والاعتكاف مستحب في كل وقت
وفي رمضان آكد وفي الاخير منه افضل لطلب
ليلة القدر وارجاها ليلة الحادي والعشرين۔

اور اسپر
روزے تھے نکالا جاے اوسکے ترکہ سے ہر روزہ کا بدلا ایک سیر اناج
اور بہت بڑی عمر کا۔ آدمی روزہ رکھنے سے عاجز ہووے تو توڑ
ڈالے روزہ اور ہر دن کے بدلے ایک سیر اناج خیرات کرے
اسیطرح حاملہ اور دودھ پلانیوالی جب اپنے نفسوں کا خطرہ کرین
ضائع ہونے سے تو یہ بھی روزہ توڑ ڈالین اور بلا فدیہ بعد مین
قضا کرین۔ اور اگر اونکو اپنے بچونکے ضائع ہونکا خطرہ ہو تو
روزہ توڑ ڈالین بعد مین قضا کرین۔
اور فدیہ یا کفارہ ہر روزہ کے بدلے
اونکو ایک سیر ہے۔ اور مریض یا مسافر لمبی سفر مین افطار کرین
اور پھر قضا کرین۔

فصل

جس آدمی کا رمضان کا روزہ یا نذر کا یا کفارت کا
فوت ہو جاے اور وہ آدمی قبل قضا کرنے کے مر جاے تو اوس پر
فوت شدہ روزہ کا تدارک لازم نہین۔ اور نہ اوسپر گناہ ہے
اور اگر بعد تمکن کے مر جاے تو اوسکے ترکہ سے واسطے ہر ایک دن کے ایک سیر
طعام نکالین اور قبل امکان اگر مر گیا اور اوسکو نماز یا اعتکاف
ادا کرنا تھا۔ تو اوسپر فدیہ نہین اور نہ اوسکو اونکے نہ بجا لانیکا گناہ ہے

فصل

اور اعتکاف ہر وقت مستحب ہے لیکن رمضان مین
زیادہ موکد اور رمضان کے اخیر مین بہت ہی افضل ہے
واسطے طلب کرنے اور ڈھونڈھنے لیلۃ القدر کے اور امید اوسکے
پانیکی اکثر اکیسوین یا تیئیسوین رات مین ہے

او الثالث والعشرين ولہ شرطان النیۃ
والمکث فی المسجد ولا یصح الاعتکاف
الا فی المسجد والجامع افضل ولا یخرج من
الاعتکاف الا لعذر من حیض او مرضٍ
لا یمکن المقام معہ ولو طرء الحیض فی الاعتکاف
وجب الخروج وکذا الجنابۃ ولا یحسب زمان
الحیض والجنابۃ ویبطل الاعتکاف بالوطی
وشروط المعتکف الاسلام والعقل والنقاء
عن الحیض والجنابۃ والنفاس۔

فصل وشرائط وجوب الحج سبع خصالٍ
الاسلام والبلوغ والعقل والحریۃ ووجود
الزاد والراحلۃ وتخلیۃ الطریق یعنی امن الطریق
وامکان المسیر وارکان الحج خمسۃ الاحرام
مع النیۃ والوقوف بعرفۃ والطواف بالبیت
الحرام والسعی بین الصفا والمروۃ والحلق
وارکان العمرۃ اربعۃ الاحرام والطواف
والسعی والحلق۔ ونیۃ الاحرام احرمت للحج

اور اعتکاف کی دو شرطین ہین ایک نیت دوسری شرط
مسجد مین ٹہرنا۔ اور مسجد کے سوا اعتکاف درست
نہین اور جامع مسجد مین افضل ہے۔ معتکف مسجد سے
بغیر عذر کے نہ نکلے۔ عذر یہ ہین عورت معتکفہ کو حیض آجانا
یا ایسے مرض سے بیمار ہونا کہ اسکے سبب وہان ٹہر نہ سکے
اعتکاف مین حیض اگر آگیا۔ یا جنابت آگئی تو نکلنا مسجد سے
واجب ہے اور حیض اور جنابت کا وقت اعتکاف مین شمار نہوگا
اور اعتکاف جماع سے باطل ہوجاتا ہے۔ معتکف کے لیئے
یہ شروط ہین۔ اسلام۔ عقل حیض نفاس جنابت سے
پاک ہونا۔

فصل حج کے واجب ہونے کی شرطین۔ سات ہین اسلام
بلوغت۔ عقل۔ آزادی۔ رستہ کا خرچ۔ سواری۔ رستہ کا امن
اور حج کے ارکان پانچ ہین۔ نیت کرتے احرام باندہنا۔ عرفات مین
ٹہرنا۔ بیت اللہ کا طواف کرنا۔ صفا مروہ کے درمیان سعی کرنا۔ سر منڈانا
اور عمرہ کے چار رکن ہین۔ احرام۔ طواف
سعی۔ سر منڈانا۔ اور احرام کی نیت اسطرح ہے
کہ کہے احرام باندہا ہے مین نے واسطے حج کے

وواجبات الحج غير الاركان ثلثة الاحرام
من الميقات و رمی الجمار بمنی ثلثة ایام و
الحلق وسنن الحج سبع الافراد وهو تقدیم الحج
علی العمرة والتلبية لبيك وطواف القدوم
والمبيت بمزدلفة وركعتان للطواف والمبيت
بمنی وطواف الوداع وتجرد عند الاحرام
عن المخيط وتلبيس الازار والرداء ابيضين

فصل ويحرم على المحرم عشرة اشياء لبس
المخيط وتغطية الراس من الرجل والوجه من
المرأة وترجيل الشعر وتقليم الاظفار والتطيب
وقتل الصيد وحلق الراس وعقد النكاح
والوطی والمباشرة بشهوة وفی جميع ذلك
الفدية الا عقد النكاح فانه لا ينعقد ولا يفسد
الحج الا بالوطی بالفرج ولا يخرج منه بالفساد
ومن فاته الوقوف تحلل بعمل عمرة وعليه
القضاء والهدی والدماء فی الاحرام خمسة
احدها الدم الواجب بترك نسك وهو

اور واجبات حج کے بغیر ارکان کے تین ہین۔ میقات سے
احرام باندہنا۔ منی مین تین روز رمی الجمارہ کرنا
اور سر منڈانا۔ اور حج کی سات سنتین ہین۔
ایک اون مین سے افراد ہے یعنے مقدم کرنا حج کا
عمرہ پر۔ دوم لبیک پکارنا۔ سوم طواف قدوم چہارم
مزدلفہ مین رات گذارنی پنجم طواف کے لئے
دو رکعت نماز پڑہنی۔ ششم منیٰ مین رات گذارنی ہفتم
طواف الوداع کرنا۔ اور احرام کے وقت سئی ہوئے
کپڑے اوتار کر دو سفید چادرون کا پہننا کہ ایک کو اون مین
سے تہبند باندہے۔ اور دوسری کو شانون پر ڈالے

فصل محرم پر دس چیزین حرام ہین۔ سیا ہوا کپڑا پہنیا
مرد کو سر ڈہانکنا۔ عورت کو منہ ڈہانکنا۔ بالونکو کنگہی کرنا
ناخن کاٹنے۔ خوشبو لگانی۔ شکار کرنا۔ سر منڈانا۔ نکاح کرنا۔
جماع کرنا۔ شہوت سے مباشرت کرنی۔ ان سب چیزونکے کرنے مین
فدیہ ہے۔ مگر نکاح کرنے مین فدیہ نہین اور نکاح منعقد ہوتا ہی نہین
اور حج فاسد نہین ہوتا۔ مگر بسبب جماع کے کہ فرج کے اندر
کیا جاے۔ اور حج کو فاسد کرنیوالا حج سے باہر نکل نہین سکتا
اور جسکو عرفات کا وقوف فوت ہوجاے وہ
عمرہ کرکے حلال ہوجاے اور باوجود اسکے
اوسپر قضاے حج اور قربانی لازم ہے۔ اور احرام مین
جو قربانیان دیجاتی ہین وہ پانچ ہین۔ ایک تو
واجب قربانی ہے کہ حج کے ترک سے
لازم ہوتی ہے۔

على الترتيب شاةٌ فان لم يجد فصيام عشرة ايّام ثلثة فى الحج وسبعة اذا رجع الى اهله الثانى الدم الواجب بالحلق فهو على التخير شاة او صوم ثلثة ايّام او التصدق بثلثة اصواعٍ على ستة مساكين الثالث الدم الواجب بالاحصار فيحلل بالنية والحلق ويذبح شاة الرابع الدم الواجب بقتل صيدٍ وهو على التخير ان كان الصيد ما له مثل اخرج بالمثل من النعم او قوم واشترى بقيمته طعامًا فيصدق به او صام عن كل مدٍ يومًا وان كان الصيد متقومًا لا مثال له اخرج بقيمته طعامًا او صام عن كل مد يومًا الخامس الدم الواجب بالوطئ وهو على الترتيب بدنة فان لم يجد فبقرة فان لم يجد فسبع من الغنم فان لم يجد قوم البدنة واشترى بقيمته طعامًا فيصدق به فان لم يجد فصيام عن كل مد يومًا ولا يجزئه الهدى ولا الاطعام

اور وہ علی الترتیب ایک بکری ہے۔ اگر بکری نہ ملے اوسکو تو اوسپر دس روزے لازم ہین تین حج مین اور سات جسوقت کہ گھر مین پہونچے۔ دوسری قربانی واجب ہے۔ جو کہ سر منڈانے سے لازم ہوجاتی ہے۔ پس یہ شخص اسمین مختار ہے ایک بکری قربانی کرے یا تین روز روزے رکھے یا چہ مسکینونکو تین صاع صدقہ دیوے۔ تیسری قربانی بند ہونے سے لازم ہوجاتی ہے۔ یعنی احرام باندہکر روانہ ہوا تو کسی باعث مکہ سے روکا گیا پس یہ شخص نیت کے ساتھہ حلال ہوجاوے سر منڈاوے اور ایک بکری ذبح کرے۔ چوتہی قربانی جو کہ قتل صید سے واجب ہوتی ہے۔ اسمین اوسکو اختیار ہے کہ شکاری جانور اگر اس قسم کا تہا کہ جسکی مثل پائی جاتی ہے تو اوسکی مثل کا جانور ذبح کرے (مثلاً ہرن مارا ہے تو اوسکی جگہ بکری قربانی دیوے۔) یا اس صید مقتولہ کی قیمت ٹہرا کر قیمت مقررہ کا طعام خریدے اور اوسکو صدقہ کرے یا ہر (مد) سیر سے ایک دن روزہ رکھے۔ اور اگر ایسا شکار تہا کہ اوسکی مثال حلال جانورون مین نہ ملے تو اوسکی قیمت کا طعام لیکر صدقہ کرے یا ہر ایک مد سے ایکدن روزہ رکھے۔ پانچوین قربانی جماع سے واجب ہوجاتی ہے۔
اور یہ ترتیب پر ہے اول تو اوس کو چاہیے کہ اونٹ قربانی کرے۔ اور اگر اونٹ نہ ملے تو گائے قربانی کرے۔ یہ بہی نہو تو سات بکریان قربانی کرے اور اگر یہ بہی نہو تو اونٹ کی قیمت کا طعام خرید کیا جائے اور صدقہ کیا جائے۔ اگر قیمت اتنی اوسکے پاس نہو تو ہر ایک مد سے ایک دن روزہ رکھے اور قربانی اور طعام جو کہ اوسپر دنیا لازم ہوا ہے۔

———— ————

الا بالحرم ويجزئه ان يصوم حيث شاء ولا يجوز قتل صيد الحرم ولا قطع شجرة الحرم للمحرم والمحل معًا۔

فصل وقت احرام الحج شوال وذو القعدة وعشر ليال من ذي الحجة مع ايامها سوى يوم النحر فلو احرم من غير وقته انعقد عمرة وجميع السنة وقت لها وميقات للحج نفس مكة لمن هو فيها وللمتوجه من المدينة ذو الحليفة ويبعدها عن مكة عشر مراحل ومن مصر والشام والمغرب الجحفة وبعدها خمسون فرسخا ومن تهامة اليمن يلملم ومن نجد ونجد الحجاز قرن وبعدهن مرحلتان ومن المشرق ذات عرق وبعدها مرحلتان ۔

فصل والافضل ان يحرم من اول الميقات ويجوز من آخره ويسن الغسل للاحرام ولدخول مكة وللوقوف بعرفة ومزدلفة ويغتسل غداة النحر ولرمي ايام التشريق

حرم مین ہی دیوے حرم سے باہر دینا جائز نہین ہان روزے ہر جگہ رکھہ سکتا ہے جہان اوسکی مرضی ہو۔ اور حرم کے صید کا قتل کرنا۔ اور درخت کا کاٹنا۔ محرم ہو یا غیر محرم سبکو حرام ہے

فصل

حج کے احرام باندہنے کا وقت شوال۔ ذوالقعدہ۔ ذی الحجہ کی دس دن راتین سوا یوم النحر کے ہے۔ پس اگر کسی نے غیر وقت مین حج کا احرام باندہا تو فقط عمرہ منعقد ہوگا۔ اور تمام سال عمرہ کا وقت ہے۔ اور میقات حج کی مکہ والونکے لئے مکہ ہی۔ اور مدینہ کی طرف سے آنیوالونکو ذوالحلیفہ کی حد ہے اور اس سے دس منزلون پر مکہ ہے باندہ لیوے جب ہی درست ہے۔ مصر۔ شام مغرب کے میقات یعنی احرام باندہنے کی جگہ جحفہ اور اسکا بعد پچاس فرسخ ہے۔ اور تہامہ یمن کا میقات یلملم پہاڑ ہے اور نجد کا اور نجد حجاز کا میقات قرن ہے اور بعد ان کے دو دو منزلین ہین اور مشرق کا میقات ذات عرق اور اوسکا بعد دو منزلین ہین۔

فصل

بہتر یہ ہے کہ اول میقات سے احرام باندہے اور آخر سے بھی درست ہے اور سنت ہے غسل کرنا واسطے احرام باندہنے اور داخل ہونے کہ معظمہ کے اور واسطے ٹہرنے کے عرفات اور مزدلفہ مین اور نحر کے دن صبح کو غسل کرے اور ایام تشریق کی کنکریان پہینکنے کیلئے بھی غسل کر لیوے اگر کسی سبب سے غسل نہو سکے۔

فان عجز تيمم ويستحب اكثار التلبية حتى
الحائض مع رفع الصوت فى دوام الاحرام
وصيغتها- لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ لَكَ لَبَّيْكَ
لَا شَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ
وَالْمُلْكُ لَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ فاذا وقع
بصره على بيت الكعبة شرفها الله تعالى
فيقرأ هذا الدعاء اَللّٰهُمَّ زِدْ هٰذَا الْبَيْتَ
تَشْرِيْفًا وَّتَكْرِيْمًا وَّتَعْظِيْمًا وَّمَهَابَةً وَّزِدْ مَنْ
شَرَّفَهٗ وَعَظَّمَهٗ مِمَّنْ حَجَّهٗ وَاعْتَمَرَهٗ تَشْرِيْفًا
وَّتَكْرِيْمًا وَّتَعْظِيْمًا وَّبِرًّا- اَللّٰهُمَّ اَنْتَ مُجِيْبُنَا
رَبَّنَا بِالسَّلَامِ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ
السَّلَامُ وَاِلَيْكَ يَعُوْدُ السَّلَامُ فَحَيِّنَا رَبَّنَا
بِالسَّلَامِ-

فصل للطواف بانواعه واجبات وسنن
اما الواجبات فستر العورة والطهارة عند
الحدث والخبث واما السنن فنية الطواف
اطوف بهذا البيت وان يطوف ماشيا

تو تیمم کر لیوے اور مستحب ہے بہت بہت کہنا لبیک کا یہانتک
کہ حائض عورت بھی لبیک پکارے۔ جبتک احرام مین ہو۔ مرد
بلند آواز سے (اور عورت آہستہ آہستہ پکارے) اور لبیک کے
الفاظ یہ ہین لبیک سے لبیک تک جسکا ترجمہ یہ ہے۔ ہم تیری خدمت
مین کھڑے ہین یا اللہ تیری رضامندی کے لئے ہم کھڑے ہین تیرا شریک
کوئی نہین ہم تیری خدمتمین کھڑے ہین سب تعریف اور نعمت
تیری ہی ہے اور بادشاہت و حکومت تیرے ہی لئے ہے۔ تیرا شریک
کوئی نہین تیری خدمتمین ہم حاضر ہین اور جب کعبہ پر نظر پڑے تو یہ دعا
پڑہے اَللّٰهُمَّ زِدْ هٰذَا الْبَيْتَ تَشْرِيْفًا رَبَّنَا بِالسَّلَامِ تک جسکا ترجمہ یہ ہے
یا اللہ اس گہر کی عزت شرافت بزرگی تعظیم ہیبت اس سے بھی زیادہ کر
اور جو کوئی اسکا حج کرے یا عمرہ کرے اسکی بھی شرافت تکریم تعظیم نیکی زیادہ کر
یا اللہ تو ہماری دعا مین قبول کرنیوالا ہے یا اللہ تیرا نام سلام ہے اور تیری طرف سے
سلامتی آتی ہے اور تیری طرف سلامتی پہرتی ہے یا اللہ ہمکو سلامتی کے ساتہہ
زندہ رکہہ۔ **فصل** طواف زیارت ہو یا طواف وداع ہو یا غیر اسکے اسکے لئے
واجبات بھی ہین اور سنتین بھی ہین۔ واجبات یہ ہین عورت کا
ڈہانکنا اور حدث اور پلیدی سے پاک ہونا۔ اور سنت یہ ہین طواف کی
نیت کرنی اسطرح کہ مین اس گہر کی طواف کی نیت کرتا ہون

ویستلم الحجر فی اول الطواف بقبلۃ ویضع
جبہتہ علیہ فان عجز استلم ثم اشار بالید و
یقول فی اول طوافہ بسم اللّٰہ واللّٰہ اکبر
اللّٰھم ایمانًا بک وتصدیقًا بکتابک ووفاءً
بعھدک واتباعًا لسنۃ نبیک محمد صلی اللّٰہ علیہ
وسلم ـ ویقول قبالۃ الباب اللّٰھم ان ھذا
البیت بیتک والحرم حرمک والامن
امنک وھذا مقام العائذ بک من النار
ویقول بین الرکن الیمانی اللّٰھم ربنا اٰتنا فی
الدنیا حسنۃ وفی الاٰخرۃ حسنۃ وقنا عذاب
النار ۵ ودعاء الماثور افضل من قرأۃ الغیر
ویقول فی السعی اللّٰھم اجعلہ حجًا مبرورًا وذنبًا
مغفورًا وسعیًا مشکورًا ویستحب ان یترقی علی
الصفا والمروۃ قدر قامۃ ویقول اللّٰہ اکبر
اللّٰہ اکبر علی ما ھدانا والحمد للّٰہ علی ما اولانا
لا الٰہ الا اللّٰہ وحدہ لا شریک لہ ـ لہ الملک
ولہ الحمد یحیی ویمیت بیدہ الخیر وھو علی

اور پیدل طواف کرنا ـ اور حجر اسود کا استلام کرنا پہلے طواف
مین بوسہ لینا اور رکھنا پیشانی اپنی کا حجر اسود پر اگر کسی سبب سے
بوسہ لے نسکے تو استلام کرلے پھر ہاتھ یا لکڑی لگا کر اوسکو
چومے اور پہلے طواف مین یہ دعا پڑہے بسم اللّٰہ واللّٰہ اکبر یعنے
شروع کرتا ہون مین طواف کو اللّٰہ کے نام سے اور اللّٰہ بڑا ہے یا اللّٰہ مین ازروے
ایمان اپنے کے اور تصدیق کتاب تیری کی اور تیرا عہد پورا کرنیکو اور تیرے
نبی محمد صلی اللّٰہ علیہ وسلم کی تابعداری سے یہ کام کرتا ہون اور دروازہ
بیت اللّٰہ کر روبرو یہ دعا پڑہے اللّٰھم ان ھذا البیت الخ یعنے اے اللّٰہ
یہ تیرا گھر ہے اور تیری حرم ہے اور تیرے امن کی جگہ ہے اور تیرے ساتھ آگ سے
پناہ پکڑنیکی یہ جگہ ہے اور رکن یمانی کے درمیان یہ دعا پڑہے اللّٰھم
ربنا اٰتنا جسکا ترجمہ یہ ہے یا اللّٰہ تو رب ہے ہمارا ہمکو دنیا مین بھی بھلائی
عطا کر اور قیامت مین بھی اچھی چیز ہمکو دے اور آگ کے عذاب سے ہمکو بچا
اور جو حدیث مین دعا آئی ہے یعنی جو دعائین رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم
حج مین اون مقامونپر پڑہی ہین (اور وہ اکثر حصن حصین وغیرہ کتب حدیث
مین مذکور ہین) اونکا پڑہنا اور دعاؤن سے بہت بہتر و افضل ہے
اور صفا اور مروہ کے درمیان دوڑتے وقت یہ پڑہے اللّٰھم اجعلہ حجًا الخ
یعنے اے اللّٰہ ہمارے حج کو پاک کر اور ہمارے گناہونکو معاف کر اور ہمارے اس کام کو
پسند کر ـ اور مستحب ہے کہ صفا اور مروہ پر بقدر بلندی قد آدم کے
چڑہے اور یہ دعا پڑہے اللّٰہ اکبر اللّٰہ اکبر علی ما ھدانا الخ
اللّٰہ بڑا ہے اللّٰہ بڑا ہے ہم اوسکی بزرگی بیان کرتے ہین کہ
اوسنے ہمکو ہدایت کی اوسنے ہمکو اپنا دوست بنایا اسپر ہم
اوسکی تعریف کرتے ہین ـ اوسکے سوا عبادت کے لائق
کوئی نہین اوسکا شریک کوئی نہین اوسکا سب ملک ہے
اوسیکی تعریف ہے وہی زندہ کرتا اور مارتا ہے اوسیکے ہاتھ مین
خیر ہے اور

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ صَدَقَ
وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ
لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا نَعْبُدُ اِلَّا اِيَّاهُ مُخْلِصِيْنَ
لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُوْنَ ۝

كِتَابُ الْبُيُوْعِ

شرطه الايجاب والقبول والايجاب من البائع
قوله بعتك او ملكتك والقبول من المشتري
وهو قوله اشتريت او تملكت او قبلت ولا يضر
تقدم لفظ المشتري فلو قال المشتري بعني
فقال البائع بعتك ويشترط ان لا يطول
الفصل بين لفظيهما وان يكون القبول موافقا
في المعنى فلو قال بعتك بمائة صحيحة فقال بمائة
منكسرة لم يصح وشرط العاقد الرشد
ويشترط الاسلام لمن يشتري له المصحف
والحديث والعبد المسلم ولا يصح بيع السلاح
من الحربي وللمبيع شروط احدها ان يكون

وہ سب چیز پر قادر ہے اللہ کے سوا عبادت کے لائق کوئی نہین وہی اکیلا خدا ہے
اوسنے نصرت اسلام کے بارہ مین اپنے وعدے پورے کیے
اپنے بندے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو سرکشون پر غالب کیا۔
کافرون کے سب لشکرونکو جو کہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے
قتل کرنے پر جمع ہوئے تھے بھگا دیا اوسکے سوا عبادت کے لائق
کوئی نہین ہم خالص اسیکی عبادت کرتے ہین اوسکے سوا کسی
دوسرے کی پرستش ہم نہین کرتے اگرچہ کافر لوگ برا مانین

کتاب البیوع

بیع کی شرط ایجاب اور قبول ہے اور ایجاب بیچنے والیکی طرف سے ہوتا ہے وہ یہ ہے
کہ بیچنے والا کہے کہ تجھکو یہ چیز مین نے بیچی یا ایسا کہے کہ یہ چیز تیری ملک مین
مین نے کر دی ہے اور خریدنے والیسے قبول ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ لینے والا کہے
یہ چیز مینے خرید لی مین اسکا مالک ہو گیا۔ یا کہے مینے اسکو قبول کیا
اور خریدنے والیکا لفظ اگر پہلے بھی ہو تو مضر نہین پس اگر خریدنے والا کہے
کہ فلان چیز میرے ہاتھ بیچدی اور بیچنے والا بھی کہے کہ مین نے بیچی
تو بیع صحیح ہوئی ہے اور شرط ہے قبول و ایجاب کی لفظونمین زیادہ دیر
نگذری (بہت فاصلہ نہوے) دوسری یہ بھی شرط ہے کہ قبول کی لفظ معنی
مین موافق ہووے۔ مثلاً بایع نے کہا کہ دس روپیہ پر یہ چیز مینے بیچی
